باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی | APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ

ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث

ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی | مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

جلد:24 | جمعۃ المبارک 18 جمادی الاوّل 1448ھ 30 اکتوبر 2026ء | شمارہ:221

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!

''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اور امدھا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ

''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔



پارلیمان کو غیر فعال رکھنے کے خواہشمندوں کا مقصد پورا ہو چکا

پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اگر قائد حزب اختلاف واقع ہی سنجیدہ ہیں تو ان سے درخواست ہے کہ عمران خان نے جو اختیار ان کو دلوایا ہے اس کو استعمال کریں

میں مولانا فضل الرحمان کی تقریر کے دوران موجود نہیں تھا، قائد حزب اختلاف نے کہا کہ اس پارلیمنٹ کو طاقتور بنائیں، انھوں نے کہا سارے فیصلے اس پارلیمان میں ہونے چاہئیں، میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کا کردار اس میں اہم ہے

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اگر قائد حزب اختلاف واقع ہی سنجیدہ ہیں تو ان سے درخواست ہے کہ عمران خان نے جو اختیار ان کو دلوایا ہے اس کو استعمال کریں۔ قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں کل مولانا فضل الرحمان کی تقریر کے دوران موجود نہیں تھا، قائد حزب اختلاف نے کہا کہ اس پارلیمنٹ کو طاقتور بنائیں، انھوں نے کہا سارے فیصلے اس پارلیمان میں ہونے چاہئیں، میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کا کردار اس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) میں پاکستان آسیان بزنس راؤنڈ ٹیبل کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف آسیان ممالک کے سفیروں، قونصل جنرلز، تجارتی نمائندوں اور کاروباری رہنماؤں نے شرکت کی۔ راؤنڈ ٹیبل سے خطاب میں

پاکستان میں سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع ہیں، ثاقب فیاض مگوں

سالانہ بنیادوں پر سیکٹورل ورکنگ گروپس بنانے پر اتفاق، آئی ٹی، ٹیکسٹائل، ایگری فوڈ، حلال انڈسٹریز اور ایس ایم ایز پر ورکنگ گروپس قائم ہوں گے۔ نوجوان اور خواتین کاروباری افراد کے لیے ایکسچینج پروگرام کی بھی تجویز دی گئی

صف اول کے ممتاز صنعت کار بشیر جان محمد، سابق و موجودہ چیئرمین آباد محمد حنیف گوہر، وزارت خارجہ کے ڈائریکٹر جنرل سندھ محمد عرفان سومرو کی خاص شرکت، کہا۔ پاکستان آسیان ممالک کے لیے وسطی ایشیا، مشرقِ وسطیٰ اور مغربی چین تک رسائی کا ذریعہ بن سکتا ہے

کراچی (علیم نواب خان سے) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) میں پاکستان-آسیان بزنس راؤنڈ ٹیبل کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف آسیان ممالک کے سفیروں، قونصل جنرلز، تجارتی نمائندوں اور کاروباری رہنماؤں نے شرکت کی۔ راؤنڈ ٹیبل سے خطاب میں ثاقب فیاض مگوں نے پاکستان اور آسیان ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات بڑھانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور آسیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)



(ایف پی سی سی آئی) میں پاکستان آسیان بزنس راؤنڈ ٹیبل کانفرنس کے موقع پر ثاقب فیاض مگوں، بشیر جان محمد، عرفان سومرو اور فلپائنی سفیر کی لی گئی تصویر

کراچی میں فائرنگ کے مختلف واقعات، ایک شخص جاں بحق، وکیل سمیت 2 افراد زخمی

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے واقعات کے دوران ایک شخص جاں بحق جبکہ وکیل سمیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

مولانا عبدالرحمٰن سلفی کی وفات جماعت اہل حدیث کیلئے بڑا نقصان ہے، ادارہ فروغ قرآن و سنت کے وفد کی تعزیت

کراچی (این این آئی) ادارہ فروغ قرآن و سنت کراچی کے سرپرست مولانا حافظ عبدالحمید گوندل کی سربراہی میں وفد نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

زیر تعمیر عمارت پر فائرنگ سے گارڈ جاں بحق، 2 مزدور زخمی؛ گینگ وار گروپ کیخلاف مقدمہ درج

کراچی (این این آئی) نشتر روڈ، گارڈن ایسٹ میں زیر تعمیر عمارت پر فائرنگ کے نتیجے میں ایک سیکورٹی گارڈ جاں بحق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

حیدرآباد میں پولیس مقابلہ، اسنیچر گینگ کا مبینہ ملزم زخمی حالت میں گرفتار

سینٹ میری چوک کے قریب فائرنگ کا تبادلہ، ملزم عرفان عرف عرفو اداسولنگی ماچھی اسلحے سمیت گرفتار

حیدرآباد (این این آئی) حیدرآباد میں سینٹ میری چوک کے قریب پولیس نے مبینہ مقابلے کے بعد اسنیچ گینگ کے ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ پولیس نے گرفتار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

بینکوں میں نقد لین دین کی رپورٹنگ کی حد 30 لاکھ روپے مقرر

روزانہ 30 لاکھ روپے سے زائد نقد لین دین کی رپورٹ ایف ایم یو کو دینا لازمی قرار

کراچی (این این آئی) پاکستان میں بینکوں کے نقد لین دین کی رپورٹنگ کی حد 20 لاکھ روپے سے بڑھا کر 30 لاکھ روپے کردی گئی ہے، جس کے تحت اب بینکوں کو یومیہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

جامعہ بنوریہ عالمیہ کا تین روزہ ادبی میلہ شروع، 400 سے زائد تعلیمی اداروں کے طلبہ شریک

ادبی سرگرمیوں سے نئی نسل میں شعور و آگاہی پیدا کی جاسکتی ہے، ڈاکٹر مفتی نعمان نعیم

کراچی (این این آئی) جامعہ بنوریہ عالمیہ اور ایڈم انسٹی ٹیوٹ کے اشتراک سے تین روزہ ادبی فیسٹیول کا آغاز ہوگیا، جس میں ملک بھر کے 400 سے زائد دینی و عصری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

اسٹاک مارکیٹ میں تیزی برقرار، ایک لاکھ 65 ہزار پوائنٹس کی حد بھی عبور

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ سمیت دیگر عالمی قوتوں کی امریکا ایران کشیدگی کم کرنے کی کوششوں، خام تیل کی عالمی قیمتوں میں اضافے کا تسلسل رکھنے اور مثبت معاشی توقعات کے باعث پاکستان اسٹاک ایکس چینج میں بدھ کو بھی تیزی رہی جس سے انڈیکس کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

سندھ حکومت کی کارکردگی سے شہری مایوس، نئے صوبوں کا قیام ناگزیر قرار

خستہ حال سڑکیں، کھلے گٹر اور بنیادی سہولیات کا فقدان انتظامی نظام پر سوالیہ نشان،

کراچی میں بجلی کے لیے سولر، پانی کے لیے ٹینکر اور گیس کے لیے سلنڈر استعمال کرنے پر شہریوں کی دہائی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت کی کارکردگی سے مایوس شہریوں نے بڑھتی ہوئی آبادی، بنیادی سہولیات کے فقدان اور انتظامی مسائل کے حل کے لیے نئے صوبوں کے قیام کو ناگزیر قرار دے دیا ہے۔ کراچی سمیت سندھ کے مختلف علاقوں کے شہریوں نے کہا کہ عوام کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

ایران سے ایل پی جی کی ترسیل عارضی بحال

فی کلو قیمت میں 40 روپے تک کمی، مزید 30 روپے فی کلو کی امکان

صرف 8 سے 9 ہزار ٹن گیس کی آمد سے بحران ختم نہیں ہوگا، ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز

کراچی (این این آئی) ایران سے مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی ترسیل عارضی طور پر بحال ہونے کے بعد ملک میں اس کی قیمت میں گزشتہ دو روز کے دوران 30 سے 40 روپے فی کلو تک کمی ریکارڈ کی گئی ہے، جبکہ آئندہ دو سے تین روز میں مزید 30 روپے فی کلو کمی کا امکان ظاہر کیا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

سی اے اے نے تائیوان کی ایوا ایئر ویز کے دو نئے فلائٹ شیڈول کی منظوری دیدی

28 اکتوبر 2026 سے 27 مارچ 2027 تک پاکستان کی فضائی حدود سے گزرنے والی مسافر اور کارگو پروازوں کو اجازت، مقررہ فضائی راستوں کی پابندی لازمی، جنگی سامان اور جاسوسی آلات لے جانے پر پابندی عائد

کراچی (این این آئی) پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے) نے تائیوان کی بین الاقوامی ایئر لائن ایوا ایئر ویز (AirEVA) کے موسم سرما کے فلائٹ شیڈول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

ریاست مخالف مواد کی تشہیر کا مقدمہ، اینکر اقرار الحسن کی درخواست ضمانت مسترد

کراچی (این این آئی) سیشن عدالت شرقی نے اینکر اقرار الحسن کے خلاف ریاست مخالف مواد کی تشہیر کے مقدمے میں درخواست ضمانت مسترد کردی۔ عدالت نے درخواست پر فیصلہ سناتے ہوئے اقرار الحسن کو ضمانت پر رہا کرنے کی استدعا منظور نہیں کی۔ اقرار الحسن نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

عمران خان کیلئے اچھے دن نظر نہیں آرہے ہیں: منظور وسان

جے یو آئی کی احتجاجی تحریک بھی دکھائی نہیں دے رہی، رہنما پیپلز پارٹی

سندھ میں نئے صوبوں کے قیام کی تجویز مسترد ہو چکی ہے، پیٹرول پر لیوی ختم کرکے عوام کو ریلیف دیا جائے

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے سینئر رہنما منظور وسان نے کہا ہے کہ موجودہ سیاسی صورتحال میں انہیں بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کے لیے اچھے دن نظر نہیں آرہے، جبکہ جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کی جانب سے بھی احتجاجی تحریک دکھائی نہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

کراچی، گبول کالونی اور ملحقہ علاقوں میں پولیس کا سرچ آپریشن

ایس ایس پی ویسٹ کی ہدایت پر کارروائی، داخلی و خارجی راستے بند کرکے مشتبہ افراد کی بائیومیٹرک تصدیق، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ٹارگیٹڈ آپریشنز جاری

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ ویسٹ کے مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر ٹارگیٹڈ کومبنگ اور سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

فیفا انڈر 15 ورلڈ کپ میں پاکستان کی شاندار فتح، ٹونگا کو 1-6 سے شکست دیدی

آذربائیجان میں ایونٹ کے آخری میچ میں قومی ٹیم کی بڑی کامیابی، اردن اور نائیجیریا کیخلاف مقابلے برابر رہے

باکو (این این آئی) پاکستانی فٹبال ٹیم نے فیفا انڈر 15 ورلڈ کپ اینڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

اہم خبر



جام کمال خان کی قطر میں چیمبر آف کامرس کے چیئرمین سے ملاقات

پاکستان اور قطر دوحہ میں تجارت اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کر رہے ہیں، وفاقی وزیر تجارت

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے دوحہ میں عالمی اقتصادی قیادت اور کاروباری شخصیات کے ساتھ اعلیٰ سطحی ملاقاتوں کا سلسلہ منعقد کیا، جن میں 2026 کے ورلڈ انویسٹمنٹ فورم کے موقع پر پاکستان کے بین الاقوامی تجارتی تعلقات کو مضبوط بنانے، غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے، علاقائی رابطوں کو فروغ دینے اور اہم شعبوں میں اقتصادی تعاون کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

سندھ ہائی کورٹ، قائد آباد سے 23 سالہ لڑکی لاپتا، آئی جی سندھ سمیت دیگر حکام کو نوٹس

عدالت عالیہ کا پولیس کو لڑکی کی بازیابی یقینی بنانے کا حکم، فریقین سے 30 نومبر کو رپورٹ طلب

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے قائد آباد سے 23 سالہ لڑکی کی گمشدگی کے معاملے پر عدالت نے آئی جی سندھ، محکمہ داخلہ سندھ، وفاقی حکومت اور دیگر متعلقہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

بلدیاتی انتخابات میں ہنگامہ آرائی، پی ٹی آئی کے سابق رکن سندھ اسمبلی امجد آفریدی بری

کراچی (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے بلدیاتی انتخابات کے دوران ہنگامہ آرائی اور ہیلٹ پیپرز چھیننے کے مقدمے میں پاکستان تحریک انصاف کے سابق رکن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

تھرپارکر ایمبولینس حادثہ: بلاول بھٹو کا نوٹس، شفاف تحقیقات اور ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے تھرپارکر کے علاقے ڈانو دھاندھل میں پی پی ایچ آئی کے زیر انتظام ایمبولینس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

نگہداشت اور معاونت مہذب، ہمدرد اور فلاحی معاشرے کی بنیاد ہے، گورنر سندھ

بزرگوں، بچوں، خصوصی افراد اور ضرورت مندوں کی دیکھ بھال ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، سید محمد نہال ہاشمی

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے عالمی یوم نگہداشت و معاونت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ نگہداشت اور معاونت ایک مہذب، ہمدرد اور فلاحی معاشرے کی بنیاد ہے۔



زندگی ٹرسٹ، میٹا اور دریبن کے اشتراک سے ڈیجیٹل خواندگی پروگرام کے افتتاح کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو

زندگی ٹرسٹ کامیٹا اور دریبن کے اشتراک سے ڈیجیٹل خواندگی پروگرام

اساتذہ کو طلبہ کی رہنمائی کرنے سے پہلے خود آن لائن تحفظ کے بارے میں سیکھنا ضروری ہے، شہزاد رائے، سلمیٰ عالم

نوجوانوں کو آن لائن محفوظ رکھنا سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ڈائریکٹر فلپ چوا، آئی ٹی وزیر علی راشد، محمد اطہر خان کا خراج تحسین

کراچی (بزنس رپورٹر) زندگی ٹرسٹ نے میٹا اور دریبن کے اشتراک سے سندھ میں آن لائن تحفظ اور ڈیجیٹل خواندگی کا پروگرام ''سمجھ بھی، سیفٹی بھی'' شروع کر دیا گیا ہے۔ سندھ حکومت کے تعاون سے جاری اس پروگرام کے تحت والدین، نوجوانوں اور اساتذہ کو انٹرنیٹ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

سرتوریا دی ایمبیسڈ سرفراز اکبر اٹلی میں ٹیلرنگ کا ایوارڈ جیت لیا

دنیا بھر سے تعلق رکھنے والے 24 ممتاز ہیسپوک درزیوں کیساتھ سرفراز اکبر کی شرکت نے پاکستانی دستکاری کو عالمی سطح پر متعارف کرانے کا موقع فراہم کیا

یہ اعزاز محض انفرادی کامیابی نہیں بلکہ پاکستان کی نمائندگی اور ملک کی دستکاری کو عالمی برادری سے متعارف کرانے کا ایک اہم موقع تھا، سرفراز اکبر

کراچی (علیم نواب خان) سرتوریا دی ایمبیسڈرز اینڈ ایمبیسڈر ہیسپوک گروپ آف پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سرفراز اکبر کو اٹلی کے شہر نیپلز میں منعقدہ بین الاقوامی ہیسپوک ٹیلرنگ ایونٹ ''میلانو سومیسورا – ٹروفیو آربیٹر 2026'' میں پاکستان کی نمائندگی کرنے پر عالمی سطح پر پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔ انہیں پیٹرو فینس ایوارڈ اور ''آربیٹر ایمبیسڈر'' کا اعزاز بھی دیا گیا۔ یہ اعزاز پاکستان کی روایتی درزی کاری، عمدہ دستکاری اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)



سرتوریا دی ایمبیسڈرز اینڈ ایمبیسڈر ہیسپوک گروپ آف پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سرفراز اکبر کو اٹلی میں ٹیلرنگ ایوارڈ جیتنے کے موقع پر

خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے یو این ادارہ برائے خواتین اور جیو نیوز میں معاہدہ

شراکت داری پاکستان میں یو این ویمن اور ذرائع ابلاغ کے درمیان تعاون مضبوط بنانے کیلئے اہم پیش رفت

پاکستان میں یو این ویمن کی ڈپٹی کنٹری نمائندہ فہمیدہ اقبال خان نے کہا ذرائع ابلاغ کن موضوعات کو کور تج دیتے ہیں

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اقوام متحدہ کے ادارہ برائے خواتین پاکستان (یو این ویمن) اور جیو نیوز نے عالمی میڈیا معاہدے (گلوبل میڈیا کمپیکٹ) کے تحت اشتراک قائم کرلیا ہے۔ یہ اقدام ان میڈیا اداروں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرتا ہے جو ذمہ دارانہ اور جامع ادارتی فیصلوں اور صنفی تقاضوں سے ہم آہنگ صحافت کے ذریعے صنفی مساوات اور خواتین کو بااختیار بنانے کے فروغ کے لیے پُرعزم ہیں۔ یہ شراکت داری پاکستان میں یو این ویمن اور ذرائع ابلاغ کے درمیان تعاون مضبوط بنانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)



سمن سرکار میلے میں جیب کتروں کیخلاف کارروائی، 10 مبینہ ملزمان گرفتار

بدین پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے چوری شدہ 15 موبائل فون برآمد کرلیے

ماتلی (این این آئی) ضلع بدین کے معروف مذہبی میلے سمن سرکار میں زائرین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

پاکستان میں الیکٹرک موٹر سائیکلوں کی تیاری سے روزگار اور برآمدات کے نئے مواقع پیدا ہو سکتے ہیں، صدر اسلام آباد چیمبر

چین کی کمپنی ووکسی شینگ باؤ ویہکل مینوفیکچرنگ کے چیئرمین یانگ زونگ سے ملاقات، سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ اور محمد عارف بھی موجود

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء نے پاکستان میں الیکٹرک موٹر سائیکلوں کی تیاری، دو پہیوں والی برقی گاڑیوں کی مقامی پیداوار اور جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی کے لیے پاکستانی کاروباری اداروں اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

ملیر سٹی پولیس کا کریک ڈاؤن، 33 ملزمان گرفتار، دو پولیس مقابلے

کراچی (این این آئی) ملیر سٹی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے دو پولیس مقابلوں سمیت مختلف کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 33 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار افراد میں مبینہ ڈکیت، اسٹریٹ کرمنلز، منشیات فروش، گٹکا ماوا سپلائرز، جوئے اور سٹے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

شرح سود میں 50 بیسس پوائنٹس کا اضافہ پیداواری شعبوں کیلئے تشویش کا باعث ہے

مہنگائی کے تدارک کا پورا بوجھ شرح سود پر ڈالنا پیداواری بحالی کو متاثر کریگا، سابق صوبائی وزیر محمد زکریا

کراچی (بزنس رپورٹر) ایف پی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ شرح سود میں 50 بیسس پوائنٹس کا اضافہ پیداواری شعبوں کے لیے تشویش کا باعث ہے، اس فیصلے سے کرشل قرضوں پر انحصار کرنے والی صنعتوں، برآمد کنندگان اور چھوٹے کاروباروں کی مالی لاگت پر مزید دباؤ پڑے گا۔ کاروباری ادارے پہلے ہی مہنگی بجلی، خام مال اور ٹرانسپورٹ کے بڑھتے اخراجات کا سامنا کر رہے ہیں۔ اسٹیٹ بینک کی قیمتوں میں استحکام کی ذمہ داری اہم ہے، تاہم مہنگائی کے تدارک کا پورا بوجھ شرح سود پر ڈالنا پیداواری بحالی کو متاثر کرے گا۔



ریاست مخالف مواد کی تشہیر کا مقدمہ، اینکر اقرار الحسن کی درخواست ضمانت مسترد

کراچی (این این آئی) سیشن عدالت شرقی نے اینکر اقرار الحسن کے خلاف ریاست مخالف مواد کی تشہیر کے مقدمے میں درخواست ضمانت مسترد کردی۔ عدالت نے درخواست پر فیصلہ سناتے ہوئے اقرار الحسن کو ضمانت پر رہا کرنے کی استدعا منظور نہیں کی۔ اقرار الحسن نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

ووڈورڈز ٹرافی انڈر 17 انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ، زون 6 بلوز چیمپئن بن گیا

طلحہ آفریدی کی آل راؤنڈ کارکردگی؛ 27 رنز کے عوض 6 وکٹیں لینے کے بعد ناقابلِ شکست 51 رنز بھی اسکور کیے

کراچی (این این آئی) ووڈورڈز ٹرافی انڈر 17 انٹر زونل کرکٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)



صدر اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) محمد ذکریا اکبر ضیا چینی وفد کے سربراہ یانگ زونگ کے ساتھ ملاقات کر رہے ہیں۔ اس موقع پر آئی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ اور چینی وفد کے ایک دیگر رکن بھی موجود ہیں۔



کے بی بی اے گرلز ونگ کی سربراہ شاہدہ پروین کیانی کا فالکن باسکٹ بال فیسٹیول کی گرلز ٹیموں کے ہمراہ گروپ فوٹو دوسری تصویر میں گروپ کیپٹن شہریار خان فالکن بوائز کی ونر ٹیم کو فاتح ٹرافی دے رہے ہیں اس موقع پر طارق بن عبداللہ، شجاع الدین، غلام عباس جمال چوہدری، سید محمد یوسف، بابر حنیف و دیگر شخصیات موجود ہیں

روزنامہ
قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نصرت حارث
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرحمٰن ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON
VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

پٹرولیم لیوی پر کمیٹی کا قیام۔۔۔!

پٹرولیم لیوی کے مسئلے پر وفاقی حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان چھ رکنی مشترکہ کمیٹی کے قیام پر اتفاق ہوگیا ہے۔ منگل کو وزیراعظم شہباز شریف سے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کی قیادت میں جماعت اسلامی کے وفد نے ملاقات کی جس میں یہ اتفاقِ رائے ہوا۔ حکومت اور جماعت اسلامی کے تین، تین اراکین پر مشتمل کمیٹی عوام کیلئے پٹرول پر جاری ریلیف سکیم کا دائرہ کار بڑھانے کے علاوہ پٹرولیم لیوی میں مرحلہ وار کمی کے لئے قابلِ عمل تجاویز سے متعلق حتمی سفارشات ترتیب دے گی تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچایا جاسکے۔ وزیراعظم نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے حوالے سے جماعت اسلامی کی طرف سے مذاکرات کا راستہ اختیار کرنے پر وفد کا شکریہ ادا کیا۔ وفد نے پٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کی ریلیف بارے اپنے موقف کا اظہار کیا۔ ملک میں جمہوریت کا حسن اور سیاسی پختگی کی بڑی علامت یہ ہے کہ تمام پیش قومی وعوامی مسائل کا حل تصادم، دھرنوں، ہڑتالوں اور سڑکوں پر احتجاج کے بجائے مذاکرات کی میز پر تلاش کیا جائے۔ پاکستان کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ جب بھی سڑکوں کو میدانِ جنگ بنایا گیا، نہ صرف معاشی نقصان ہوا بلکہ آئینی ڈھانچہ بھی کمزور ہوا۔ اِس پس منظر میں وفاقی حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان پٹرولیم لیوی کے اہم اور حساس معاملے پر ہونے والی ملاقات اور اس کے نتیجے میں چھ رکنی مشترکہ کمیٹی کے قیام کو سیاسی تدبر کا بہترین مظاہرہ قرار دیا جائے گا۔ حکومت کی طرف سے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال اور مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ جبکہ جماعت اسلامی کی جانب سے سینئر رہنما لیاقت بلوچ، سید فراست شاہ، نصر اللہ رندھاوا اور جناب عنایت اللہ کو کمیٹی میں نامزد کیا گیا ہے۔ آج کا پاکستان جن معاشی چیلنجوں، قرضوں کے بوجھ اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں (آئی ایم ایف) کی سخت شرائط سے نبرد آزما ہے، اِس میں ملک مزید کسی ہڑتال، لانگ مارچ یا پہیہ جام احتجاج کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ اگرچہ احتجاج کرنا جمہوری معاشروں میں اپوزیشن کا آئینی اور قانونی حق ہے، لیکن ایک ذمہ دار سیاسی جماعت کا فرض ہوتا ہے کہ وہ قومی مفاد کو ذاتی یا حزبی ترجیحات پر فوقیت دے۔ وفاقی حکومت اور بالخصوص وزیراعظم شہباز شریف کا جماعت اسلامی کے وفد کا خیر مقدم کرنا اور اُن کے خدشات کو سُن کر عملی قدم اٹھانا بھی قابلِ تحسین ہے۔ وزیراعظم نے بالکل بجا فرمایا کہ حکومت اپنی موجودہ مالی استعداد کے دائرے میں رہتے ہوئے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کی کوشش کررہی ہے۔ یہ بات سچ ہے کہ ایک طرف بین الاقوامی مالیاتی وعدوں اور بجٹ خسارے کو پورا کرنے کی مجبوری کا سامنا ہے تو دوسری طرف مہنگائی کی چکی میں پستے ہوئے عوام کی دادرسی بھی ضروری ہے۔ پٹرولیم لیوی ایک ایسا مسئلہ ہے جو براہِ راست ملک کے ہر شہری کی زندگی پر اثر انداز ہوتا ہے۔ جب پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں بڑھتی ہیں تو اِس کے اثرات محض گاڑیوں کے ایندھن تک محدود نہیں رہتے بلکہ کرایوں کے علاوہ روٹی، سبزی، ادویات اور دیگر تمام بنیادی اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں بھی خودکار طریقے سے اضافہ ہوجاتا ہے۔ اِس وقت ملک میں غریب اور درمیانہ طبقہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہے۔ ایسے میں حکومت اور جماعت اسلامی کی کمیٹی کے سامنے دو اہم نکات رکھے گئے ہیں۔ ایک یہ کہ عوام کے لئے پٹرول پر جاری ریلیف سکیم کا دائرہ کار وسیع کیا جائے تاکہ مستحقین اور دہاڑی دار طبقے کو براہِ راست فائدہ پہنچ سکے۔ دوسرا آنے والے بجٹ میں پٹرولیم لیوی کو مرحلہ وار اور منظم انداز میں کم کرنے کی قابلِ عمل تجاویز پیش کی جائیں۔ مشترکہ کمیٹی اِن دو نکات پر ذیانتداری، پیشہ ورانہ مہارت اور معاشی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے سفارشات تیار کرتی ہے تو عوام کو ایک بڑا اور محسوس ہونے والا ریلیف مل سکتا ہے۔ پٹرولیم لیوی میں یکمشت کمی شاید معاشی حدود وقیود اور آئی ایم ایف کی پابندیوں کے باعث ممکن نہ ہو، لیکن مرحلہ وار کمی اور ہدف شدہ اقدامات کے ذریعے کم از کم، کم آمدنی والے طبقے کو خصوصی رعایت دی جاسکتی ہے۔ کمیٹی کے اراکین، جن میں معاشی اور سیاسی امور کے ماہرین شامل ہیں، یقیناً کوئی ایسا راستہ نکالنے میں کامیاب ہوجائیں گے۔



میرپورخاص روٹری کلب صدر ڈاکٹر فرحان اشرف کی سالگرہ کی پُروقار تقریب

تقریب میں فیصل علی سومرو، ایڈووکیٹ رؤف آرائیں، پروفیسر راج کمار لوہانہ، نیول کشور، ڈاکٹر لیکھ راج مہیشوری، ولید قائخانی، ڈاکٹر ممتاز لغاری کی شرکت



میرپورخاص (رپورٹ/ خاور انیس) معروف سماجی شخصیت اور روٹری کلب آف میرپورخاص کے صدر ڈاکٹر فرحان اشرف کی سالگرہ کے موقع پر ان کے دوستوں اور الحسن چیریٹی میڈیکل سینٹر کی انتظامیہ کی جانب سے مشترکہ طور پر ایک سادہ و پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میرپورخاص فیصل علی سومرو، معروف قانون دان ایڈووکیٹ رؤف آرائیں، پروفیسر راج کمار لوہانہ، نیول کشور، ڈاکٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس میرپورخاص میں عوامی شکایات کے ازالے کے لیے کھلی کچہری منعقد



میرپورخاص (بیورو رپورٹ) صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس میرپورخاص میں عوامی شکایات کے ازالے کے لیے کھلی کچہری منعقد کی گئی، جس میں ریجنل ڈائریکٹر صوبائی محتسب اعلیٰ سندھ، میرپورخاص، سید امداد علی شاہ نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

نارا کینال میں پانی کی غیر منصفانہ تقسیم اور مبینہ کرپشن کی تحقیقات کرائی جائیں، جاوید علی جونیجو، فارمرز آرگنائزیشن کونسل سندھ کے چیئرمین کی فیلڈ مارشل سے ہنگامی اپیل

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) نارا کینال میں پانی کی غیر منصفانہ تقسیم اور مبینہ کرپشن کی تحقیقات کرائی جائیں، جاوید علی جونیجو، فارمرز آرگنائزیشن کونسل سندھ کے چیئرمین کی فیلڈ مارشل سے ہنگامی اپیل، 1990 سے اب تک آبپاشی منصوبوں کے مالیاتی آڈٹ اور غیر قانونی آبی راستوں کی تحقیقات کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق فارمرز آرگنائزیشن کونسل سندھ کے چیئرمین جاوید علی جونیجو نے نارا کینال میں پانی کی مبینہ غیر قانونی تقسیم، انتظامی بدعنوانی اور آبپاشی نظام میں بے ضابطگیوں کے الزامات کی آزادانہ اور اعلیٰ سطحی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

پرائمری اساتذہ کا کمشنر کمپلیکس کے سامنے دھرنا، اعظم ہزاروی کی بحالی اور مبینہ بدعنوانی کی تحقیقات کا مطالبہ خواتین اساتذہ کی بھی بڑی تعداد میں شرکت



میرپورخاص (بیورو رپورٹ) پرائمری اساتذہ کا کمشنر کمپلیکس کے سامنے دھرنا، اعظم ہزاروی کی بحالی اور مبینہ بدعنوانی کی تحقیقات کا مطالبہ خواتین اساتذہ کی بھی بڑی تعداد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

پروفیسر اعجاز فاروقی پی سی بی انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ، نیو یونائیٹڈ جمخانہ اور یونائیٹڈ اسپورٹس سیمی فائنل میں پہنچ گئیں، نصرت محبوب



کراچی (اسپورٹس رپورٹر/ کاشف احمد فاروقی) ایسوسی ایشن کراچی زون دو کے زیر اہتمام منعقدہ پروفیسر اعجاز فاروقی پی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

ڈپٹی کمشنر عمرکوٹ نوید الرحمان لاڑک کی زیرِ صدارت ڈپٹی کمشنر آفس عمرکوٹ میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا ایک اہم اجلاس منعقد

کنری (رپورٹ رضوان مغل) ڈپٹی کمشنر عمرکوٹ نوید الرحمان لاڑک کی زیرِ صدارت ڈپٹی کمشنر آفس عمرکوٹ میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا ایک اہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



اسٹیم سائنس فیسٹیول میں قومی سطح پر تیسری پوزیشن، میمن کنری کے طلبہ کے اعزاز میں شاندار تقریب پذیرائی



کنری (رپورٹ رضوان مغل) اسلام آباد میں منعقدہ قومی سطح کے اسٹیم سائنس فیسٹیول کے مقابلوں میں تیسری پوزیشن حاصل کرکے اپنے اسکول، ضلع عمرکوٹ اور صوبہ سندھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

میئر سیکریٹریٹ میرپورخاص میں یوسی چیئرمین، یوسی سیکریٹری اور بلدیاتی نمائندگان کو اپنا کردار ادا کرنے کے لیے ایک روزہ آگاہی ورکشاپ

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) جمہوری عمل انتخابات میں خواتین کے ووٹرز کی تعداد کی شرح بڑھانے کے لیے لوکل گورنمنٹ میرپورخاص، ریجنل الیکشن کمشنر میرپورخاص، اور ڈسٹرکٹ الیکشن کمیشن آفس میرپورخاص کی جانب سے میئر سیکریٹریٹ میرپورخاص میں یوسی چیئرمین، یوسی سیکریٹری اور بلدیاتی نمائندگان کو اپنا کردار ادا کرنے کے لیے ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

عمرکوٹ میں یتیم بچوں کی کفالت، تعلیم اور بہتر مستقبل کے لیے ارفن ہاؤس کا افتتاح، رانا ہمیر سنگھ سوڈو اور کمشنر شریک

کنری (رپورٹ رضوان مغل) ایم پی اے رانا ہمیر سنگھ سوڈو اور کمشنر میرپورخاص ڈویژن شمیر خان بھٹو نے محکمہ سوشل ویلفیئر حکومتِ سندھ اور سماجی تنظیم سیو دی لائیوز فاؤنڈیشن کے مشترکہ تعاون سے عمرکوٹ میں قائم کیے گئے ارفن ہاؤس (یتیم خانے) کا افتتاح کیا، اس موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے یتیم اور بے سہارا بچوں کی دیکھ بھال، فلاح و بہبود، تعلیم و تربیت اور انہیں معاشرے کا مفید شہری بنانے کے لیے اجتماعی کوششوں کی اہمیت پر زور دیا، تقریب میں ڈپٹی کمشنر عمرکوٹ نوید الرحمان لاڑک، ایس ایس پی عمرکوٹ سہائی عزیز ٹالپر، اسسٹنٹ کمشنر عمرکوٹ رجب علی سٹھیو، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد علی، سیو دی لائیوز فاؤنڈیشن کے سی ای او کنیا مومن لال، پی ایس رانا ہمیر سنگھ کنول مومن لال، پ پ نائب صدر ضلع عمرکوٹ برہان الدین کلہوڑ، پ پ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

عبدالرحمٰن کی شاندار نصف سنچری، شکاگو کوگورز نے بولنگ بروک سی سی کو شکست دے دی

شکاگو (امریکا) (اسپورٹس رپورٹر) ہدف کے تعاقب میں شکاگو کوگورز نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد بولنگ بروک سی سی کو شکست دے دی۔ 140 رنز کے ہدف کے تعاقب میں شکاگو کوگورز نے 19.3 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 142 رنز بنا کر کامیابی حاصل کی۔ عبدالرحمٰن نے 40 گیندوں پر 52 رنز کی عمدہ اننگز کھیل کر ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا، جبکہ دانش ملک نے 24 رنز بنا کر ان کا بھرپور ساتھ دیا۔ ہدف کے تعاقب میں شکاگو کوگرز کو پہلے ہی اوور میں عدیل احمد اللہ کی وکٹ گنوانے کے باعث مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، تاہم عبدالرحمٰن نے ذمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمدورفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیزگام	5:30	9:55

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

پاکستانی ہائی کمشنر محمد سلیم کا یومِ سیاہ کشمیر پر عالمی برادری سے منصفانہ حل کیلئے کردار ادا کرنے کا مطالبہ

پاکستان ہائی کمیشن اوٹاوا اور ٹورنٹو، مونٹریال وونیکوور کے قونصل خانوں میں یومِ سیاہ کشمیر کے موقع پر خصوصی تقریبات کا انعقاد

صدر پاکستان، وزیراعظم اور نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ کے خصوصی پیغامات پڑھ کر سنائے گئے، کشمیری عوام کی سفارتی، سیاسی واخلاقی حمایت کا اعادہ

ہائی کمشنر محمد سلیم نے مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی مذمت اور کشمیریوں کے حقِ خودارادیت کی حمایت پر زور دیا



اوٹاوا (بزنس رپورٹر) کینیڈا میں پاکستان کے ہائی کمیشن اوٹاوا اور ٹورنٹو، مونٹریال اور وینکوور میں قائم پاکستانی قونصل خانوں کے زیرِ اہتمام یومِ سیاہ کشمیر کے موقع پر خصوصی تقریبات منعقد کی گئیں، جن کا مقصد بھارت کے غیر قانونی زیرِ قبضہ جموں وکشمیر کے عوام کے ساتھ یکجہتی اور حمایت کا اظہار کرنا تھا۔ ان تقریبات کے ذریعے کشمیری عوام کی جانب سے اپنے ناقابلِ تنسیخ حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے جاری جدوجہد کو اجاگر کیا گیا۔ اوٹاوا میں پاکستان ہائی کمیشن کے زیرِ اہتمام منعقدہ مرکزی تقریب میں دستاویزی فلم اور تصویری نمائش کا اہتمام کیا گیا، جبکہ انسانی حقوق کے حامیوں نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ مقررین نے مسئلہ کشمیر کے مختلف پہلوؤں اور بھارتی قابض افواج کے ہاتھوں مقبوضہ کشمیر کے شہریوں کو درپیش مشکلات اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر روشنی ڈالی۔ تقریب کے دوران صدرِ پاکستان، وزیراعظم اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کے خصوصی پیغامات بھی پڑھ کر سنائے گئے۔ ان پیغامات میں حکومتِ پاکستان کی جانب سے مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کے لیے غیر متزلزل سفارتی، سیاسی اور اخلاقی حمایت کا اعادہ کیا گیا۔ اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ کشمیری عوام کی حمایت اس وقت تک جاری رہے گی جب تک انہیں اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حقِ خودارادیت حاصل نہیں ہوجاتا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کینیڈا میں پاکستان کے ہائی کمشنر محمد سلیم نے کہا کہ مسئلہ جموں وکشمیر اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود قدیم ترین اور حل طلب تنازعات میں سے ایک ہے۔ انہوں نے عالمی برادری، انسانی حقوق کی تنظیموں اور سول سوسائٹی کے اداروں پر زور دیا کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لیں، ان کی مذمت کریں اور تنازعے کے منصفانہ، پُرامن اور پائیدار حل کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کریں۔ ہائی کمشنر محمد سلیم نے اس امر پر بھی زور دیا کہ کشمیری عوام کی امنگوں اور خواہشات کو نظرانداز کرکے مسئلہ کشمیر کا دیرپا حل ممکن نہیں۔ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور ان کے حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔ یومِ سیاہ کشمیر ہر سال 27 اکتوبر کو منایا جاتا ہے تاکہ 27 اکتوبر 1947ء کو جموں وکشمیر میں بھارتی فوج کی آمد اور بھارت کے قبضے کے خلاف احتجاج ریکارڈ کرایا جاسکے۔ پاکستان اور کشمیری عوام اس دن کو کشمیری تاریخ کا ایک اہم اور افسوس ناک موڑ قرار دیتے ہیں، کیونکہ پاکستان کے مؤقف کے مطابق یہ اقدام کشمیری عوام کی مرضی اور امنگوں کے برخلاف تھا۔ کینیڈا میں منعقدہ ان تقریبات کے ذریعے مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے اور کشمیری عوام کی جدوجہد کے ساتھ یکجہتی کا پیغام دیا گیا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کے جائز حقوق اور حقِ خودارادیت کے حصول تک ان کی حمایت جاری رہنی چاہیے۔ پاکستان ہائی کمیشن اور کینیڈا کے مختلف شہروں میں قائم پاکستانی قونصل خانوں کی جانب سے یومِ سیاہ کشمیر کی تقریبات کا انعقاد اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ پاکستان مسئلہ کشمیر کو عالمی فورمز پر اجاگر کرتا رہے گا۔



فرخ ایچ سبزواری اور امتیاز حیدر نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کا شریعہ کمپلائنٹ ٹریڈنگ کاؤنٹر متعارف کرادیا

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں اسلامی سرمایہ کاروں کے لیے مخصوص ٹریڈنگ کاؤنٹر، ایس ای سی پی کی منظوری کے بعد سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم

فرخ ایچ سبزواری کے مطابق سرمایہ کاروں کے اکاؤنٹس کی تعداد چھ لاکھ پچاس ہزار سے تجاوز کرگئی، نوجوان سرمایہ کاروں کی شمولیت میں اضافہ

ڈاکٹر طارق نسیم کا ڈیجیٹل ریٹیل صکوک، اسلامی لیکویڈیٹی ورسک مینجمنٹ بنانے پر زور، بدیع الدین اکبر، بلال فاروق زردی کی خاص شرکت



کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) نے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے شریعہ ٹریڈنگ کاؤنٹر ریگولیشنز کی منظوری کے بعد آج شریعہ کمپلائنٹ ٹریڈنگ کاؤنٹر کا افتتاح کردیا ہے۔ اس اقدام کے تحت انفرادی اور ادارہ جاتی سرمایہ کاروں کو اسلامی اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری اور حصص کی خرید وفروخت کے لیے ایک مخصوص اور جامع نظام فراہم کیا گیا ہے۔ اس موقع پر منعقدہ گونگ تقریب میں ایس ای سی پی، اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی)، سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی (سی ڈی سی)، نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (این سی سی پی ایل) اور پاکستان اسٹاک بروکرز ایسوسی ایشن (پی ایس بی اے) کے نمائندوں کے علاوہ شریعہ اسکالرز اور متعلقہ بروکریج ہاؤسز کے عہدیداران نے شرکت کی۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) کے مطابق اب تک 39 بروکرز کو اپنے اسلامی ونڈوز کے ذریعے شریعہ کمپلائنٹ ٹریڈنگ کی سہولت فراہم کرنے کے لیے اس نظام میں شامل کیا جاچکا ہے، جبکہ دو مزید بروکریج ہاؤسز مکمل طور پر شریعہ کمپلائنٹ بروکرز کے طور پر لائسنس یافتہ ہیں۔ نئے ٹریڈنگ کاؤنٹر کے تحت تمام سرگرمیاں ایکسچینج کے مقرر کردہ عملی طریقہ کار اور ایس ای سی پی سے منظور شدہ ضوابط کے مطابق انجام دی جائیں گی۔ اس نظام میں صرف شریعہ اصولوں کے مطابق منظور شدہ حصص، حکومتی اجارہ صکوک اور کارپوریٹ صکوک کی خرید وفروخت کی اجازت ہوگی، جبکہ غیر شرعی قرار دی گئی سیکیورٹیز کی تجارت ممنوع ہوگی۔ اسی طرح ایم ٹی ایس جیسے سود پر مبنی لیوریج مصنوعات کو بلاک کردیا گیا ہے، جبکہ ان کے متبادل کے طور پر مرابحہ شیئر فنانسنگ (ایم ایس ایف) کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ شارٹ سیلنگ اور ڈیریویٹوز ٹریڈنگ کی بھی اجازت نہیں ہوگی۔ سرمایہ کاروں کو اپنے پورٹ فولیو میں موجود غیر شرعی سرمایہ کاری سے دستبردار ہوکر اسے شرعی اصولوں کے مطابق پاک کرنے کا موقع بھی فراہم کیا جائے گا۔ اس اقدام کے ساتھ پی ایس ایکس ڈیٹا پورٹل پر نیا شریعہ پورٹل بھی متعارف کرایا گیا ہے، جہاں سرمایہ کاروں کو شریعہ اصولوں کے مطابق اہل قرار دیے گئے تمام حصص اور صکوک کی فہرست دستیاب ہوگی۔ سرمایہ کار شریعہ کمپلائنٹ کسٹمر ریلیشن شپ اینڈ رسک ڈسکلوژر دستاویز کے ذریعے اکاؤنٹس کھول سکیں گے، جن میں سہولت اکاؤنٹس بھی شامل ہیں۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے منیجنگ ڈائریکٹر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر فرخ ایچ سبزواری نے کہا کہ نظام پر مبنی تعمیلی کنٹرولز کے تحت مخصوص ٹریڈنگ ماحول کی فراہمی سے سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھے گا، اسلامی سرمایہ کاری تک رسائی بہتر ہوگی اور ملک میں اسلامی کیپٹل مارکیٹ کے نظام کو مزید تقویت ملے گی۔ انہوں نے بتایا کہ سرمایہ کاروں کے اکاؤنٹس کی تعداد چھ لاکھ پچاس ہزار سے تجاوز کرچکی ہے، جبکہ نوجوان نسل، بالخصوص ملینیلز اور جنریشن زی، نئے سرمایہ کاروں کی شمولیت میں اہم کردار ادا کررہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی مسلم اکثریتی آبادی کے مزید افراد کو بھی اس پلیٹ فارم کے ذریعے سرمایہ کاری کی جانب راغب کرنے کی توقع ہے۔ ایس ای سی پی کے کمشنر امتیاز حیدر نے کہا کہ لسٹڈ ایکویٹی سیکیورٹیز اور میوچل فنڈز کے اثاثوں کا نمایاں حصہ پہلے ہی شریعہ اصولوں کے مطابق ہے۔ ان کے مطابق یہ اقدام مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی شرکت بڑھانے، سرمایہ کاروں اور بروکریج انڈسٹری کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے اور اسلامی سرمایہ کاری کے طریقوں پر اعتماد کو مزید مضبوط بنانے میں مدد دے گا۔

بقیہ نمبر 1 «قوم کی آواز»

لیکھراج مہیشوری، انکم ٹیکس کے نامور وکیل ولید قائم خانی، ڈاکٹر ممتاز لغاری سمیت شہر کی سماجی، طبی اور قانونی شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب میں ڈاکٹر فرحان اشرف نے سالگرہ کا کیک کاٹا اور تمام دوستوں کو اپنے ہاتھوں سے کھلایا۔ شرکاء نے انہیں پھولوں کے ہار پہنائے، مختلف تحائف پیش کیے اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میر پورخاص فیصل علی سومرو نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر فرحان اشرف میر پورخاص کا سرمایہ ہیں، روٹری کلب کے پلیٹ فارم سے ان کی سماجی خدمات قابل ستائش ہیں۔ ایسے درد دل رکھنے والے افراد ہی معاشرے میں مثبت تبدیلی کی بنیاد بنتے ہیں، ضلعی انتظامیہ سماجی خدمت کے ہر ایسے جذبے کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ معروف ایڈووکیٹ رؤف آرائیں نے کہا کہ ڈاکٹر فرحان اشرف صرف ایک اچھے معالج ہی نہیں بلکہ ایک ہمدرد انسان بھی ہیں، وہ نوجوانوں کے لیے ایک مثال ہیں کہ کس طرح اپنے پیشہ ورانہ فرائض کے ساتھ ساتھ بے لوث سماجی کام بھی کیا جا سکتا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر فرحان اشرف نے تمام دوستوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اس وقت ہمارا معاشرہ غربت کی لکیر سے بھی نیچے زندگی گزار رہا ہے۔ اس نازک صورتحال میں انسانیت کی خدمت صرف ورکشاپ اور سیمینارز سے نہیں ہوگی بلکہ عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ ہم سب کا فرض ہے کہ ہم کسی نہ کسی غریب، بے سہارا اور مستحق فرد کا سہارا بنیں۔ جو شخص جس بھی شعبے سے وابستہ ہے وہ اپنے ہی شعبے میں رہتے ہوئے انسانیت کی بہترین خدمت کر سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 2 «قوم کی آواز»

اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع میں امن وامان کی صورتحال، سکیورٹی انتظامات، متعلقہ محکموں کے مابین مؤثر رابطہ کاری اور حکومتِ سندھ کے محکمہ داخلہ کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کی روشنی میں سینٹرل و صوبائی ایپکس کمیٹی کے فیصلوں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں لیفٹیننٹ کرنل وقاص پاکستان آرمی چھور کینٹ، میجر ذیشان، میجر مجید، ایس ایس پی عمرکوٹ سہائی عزیز ٹالپر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نوعمران خان، اسسٹنٹ کمشنر عمرکوٹ رجب علی سٹھیو، اسسٹنٹ کمشنر کنری محمد خان بھنگوار، اسسٹنٹ کمشنر سامارو سنجی کمار ترکیو، ڈی ایس پی عمرکوٹ گل حسن، چیف ضلع کونسل آفیسر عمرکوٹ سید ساجد علی شاہ، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر نور محمد شیخ، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ایاز کا چھیلو، ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر عمرکوٹ محمد اسلم بھٹی، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ہریش چندر کتری، اسسٹنٹ ڈائریکٹر وومین ڈویلپمنٹ محمد شاہد راجپوت، ٹریفک پولیس انچارج عمرکوٹ نور محمد سومرو، آفیس سپرڈینٹ ڈی سی آفیس وانچارج ایف سی آر عمرکوٹ خلیل احمد کنبھر، ایکسائز انسپکٹر علی حسن چانڈیو، سیکریٹری آر ٹی ای عمرکوٹ، قانون نافذ کرنے والے اداروں آئی ایس آئی، آئی بی، ایم آئی، سی ٹی ڈی، انسداد منشیات، نیشنل ہائی وے اتھارٹی، نیشنل سائبر کرائم ایجنسی، فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (FIA)، بلدیاتی اداروں اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران و نمائندگان نے شرکت کیا، اجلاس میں متعلقہ اداروں کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے اپنے دائرہ اختیار میں امن وامان کے قیام، جرائم کی روک تھام، حساس مقامات کی نگرانی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائیں۔

بقیہ نمبر 3 «قوم کی آواز»

انفارمیشن سیکریٹری گھنشام داس راٹھوڑ، ریجنل ڈائریکٹر اسپیشل ایجوکیشن میر پورخاص عبدالحمید ڈاھانی، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عمرکوٹ نور محمد شیخ، ڈپٹی ڈائریکٹر وومین ڈویلپمنٹ، ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر عمرکوٹ محمد اسلم بھٹی، اینٹی کرپشن انسپکٹر راگیشوری پی کتری، اسسٹنٹ ڈائریکٹر بینظیر یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ غلام مرتضیٰ راٹھوڑ، سماجی تنظیم سی آر ایس پی کے میر حسن آریسر، سماجی تنظیم اوویئر کے علی اکبر راہموں، 1122 کے ڈویژنل ہیڈ میر پورخاص بنسی لال ماہی، ڈسٹرکٹ مینیجر ہینڈز منصور میمن، سماجی تنظیم ایس ٹی ایل ایف کے عیدل جمانی، اور ضلعی انتظامیہ کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔ افتتاحی تقریب کے دوران ارفن ہاؤس کے قیام کو یتیم اور بے سہارا بچوں کی فلاح و بہبود کے حوالے سے ایک اہم سماجی اقدام کے طور پر پیش کیا گیا، جس کا مقصد ایسے بچوں کو محفوظ ماحول اور بہتر زندگی کے مواقع فراہم کرنے کی کوششوں کو فروغ دینا ہے، اس موقع پر ایم پی اے رانا ہمیر سنگھ سوڈو نے اپنے خطاب میں کہا کہ یتیم اور بے سہارا بچے خصوصی توجہ، شفقت اور سرپرستی کے مستحق ہیں، ان کی تعلیم، تربیت، کردار سازی اور بنیادی ضروریات کی فراہمی معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے، انہوں نے کہا کہ سماجی تنظیم سیوز دی لائیوز فاؤنڈیشن جیسے فلاحی اداروں کا قیام ان بچوں کو بہتر ماحول فراہم کرنے اور انہیں زندگی میں آگے بڑھنے کے مواقع دینے میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 4 «قوم کی آواز»

کا نام روشن کرنے والے گورنمنٹ ہائی اسکول طالب المولیٰ میمن کنری کے ہونہار طلبہ اور ان کی رہنمائی کرنے والے اساتذہ کے اعزاز میں اسکول میں ایک شاندار تقریب پذیرائی منعقد کی گئی، جس میں محکمہ تعلیم کے افسران، مختلف اسکولوں کے پرنسپلز، اساتذہ، گسٹا رہنماؤں اور علاقے کی معزز شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے دوران کامیاب طلبہ اور ان کے استاد کو اجرکیں، پھولوں اور لونگیوں کے تحائف پیش کر کے بھرپور حوصلہ افزائی کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ ہائی اسکول طالب المولیٰ میمن کنری کے طلبہ نے اسلام آباد میں منعقدہ اسٹیم سائنس فیسٹیول کے قومی سطح کے مقابلوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اس شاندار کامیابی پر اسکول انتظامیہ کی جانب سے طلبہ ساگر ماڑھیو، ورکمار اور عبدالصمد سمیت ان کی رہنمائی کرنے والے استاد سر ضیاء الحق آرائیں کے اعزاز میں تقریب کا اہتمام کیا گیا، جس میں شرکاء نے طلبہ کی صلاحیتوں، محنت اور اساتذہ کی کاوشوں کو سراہا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری میر حسن آریسر تھے، جبکہ ڈپٹی ڈی ای او غلام فرید کنبھار، ٹی ای او پرائمری علی احمد بھنبھرو، ٹی ای او فی میل مختیار احمد درس، ٹی ای او سیکنڈری نیاز احمد چانڈیو، کوآرڈینیٹر سندھ خان محمد کھوسو، ضلعی اسٹیم فوکل پرسن اشفاق جوکیو، مختلف اسکولوں کے پرنسپلز، اساتذہ، گسٹا رہنماؤں اور معززین نے بھی شرکت کی۔

بقیہ نمبر 5 «قوم کی آواز»

روزہ آگاہی ورکشاپ منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے میئر عبدالروف غوری نے کہا کہ انتخابات میں خواتین کی ووٹرز کی شرح میں اضافے کے لیے ہم سب کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ خواتین کا بھی اس جمہوری عمل میں بھرپور حصہ شامل ہو سکے کیونکہ کوئی بھی معاشرہ خواتین کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا۔ میئر عبدالروف غوری نے کہا کہ محترمہ شہید بینظیر بھٹو بھی سب سے پہلے خواتین کو بااعتماد بنانے کے لیے اپنے جمہوری حکومتی ادوار میں مختلف پروگرام متعارف کروائے۔ اس موقع پر ریجنل الیکشن کمشنر میر پورخاص پرویز احمد کلہوڑو نے کہا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ہر ممکن کوشش ہے کہ انتخابات کے جمہوری عمل میں خواتین کی شمولیت کو یقینی بنایا جائے اور کہا کہ انتخابات میں خواتین کی تعداد کی فرق کو ختم کرنے کے لیے ریجنل الیکشن کمیشن میر پورخاص تمام پہلوؤں کو بروئے کار لا رہی ہے اس موقع پر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر نیاز احمد نے بتایا کہ میر پورخاص ضلعی میں کل رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 9 لاکھ 21 ہزار 161 ہے، جس میں مرد ووٹرز کی تعداد 4 لاکھ 88 ہزار 63 ہے جبکہ خواتین ووٹرز کی تعداد 4 لاکھ 33 لاکھ 98 ہے جبکہ خواتین ووٹرز کی شرح 5.97 فیصد کم ہے، جس کو پورہ کرنے کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز، منتخب اراکین اور دیگر کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ عبدالوہاب عباسی نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ اس ضمن میں ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کو تیار ہے اس موقع پر یوسی چیئرمین محمد حنیف میمن، ممتاز جھنڈیر، دوست محمد خاصخیلی اور یوسی سیکریٹریز نے کہا کہ یوسی سطح پر بچوں کی پیدائشی سرٹیفکیٹس اجراء کرنے کے لیے مسائل درپیش ہیں جس پر ماروی سومرو نے یقین دلاتے ہوئے کہا کہ ہر یوسی سطح پر پیدائشی سرٹیفکیٹ کے اجراء کے لیے بہتر حکمت عملی بنائی گئی ہے، جس پر بہت جلد عمل درآمد کیا جائے گا۔ اس موقع پر ڈپٹی میئر سمیر ابلوچ اور دیگر منتخب اراکین کونسل بھی موجود تھے

بقیہ نمبر 6 «قوم کی آواز»

دارانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے اننگز کو سنبھالا۔ درمیانی اوورز میں عبدالرحمن اور دانش ملک کے درمیان 50 رنز کی اہم شراکت قائم ہوئی، جس نے ٹیم کو ہدف کے قریب پہنچانے میں مدد دی۔ بولنگ میں بروک سی سی کی جانب سے فہد شریف نے نویں اوور میں دو وکٹیں حاصل کر کے مقابلے میں اپنی ٹیم کی واپسی کی امیدیں روشن کر دیں۔ ان کی اہم وکٹوں میں دانش ملک کی وکٹ بھی شامل تھی، جس کے بعد شکاگو گرز پر دباؤ بڑھ گیا۔ تاہم عبدالرحمن نے ثابت قدمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی نصف سنچری کی بدولت ٹیم کی پوزیشن مستحکم رکھی۔ شکاگو گرز نے دباؤ کے باوجود حوصلہ برقرار رکھا اور 19.3 اوورز میں 142 رنز بنا کر آٹھ وکٹوں کے نقصان پر ہدف حاصل کر لیا۔ عبدالرحمن کی شاندار نصف سنچری اور دانش ملک کی مفید اننگز کامیابی میں نمایاں رہیں۔

بقیہ نمبر 7 «قوم کی آواز»

سی پی انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کے تیسرے کوارٹر فائنل میں نیو یونائیٹڈ جمخانہ نے گلشن معمار کرکٹ کلب کو دلچسپ مقابلے کے بعد دو وکٹوں سے شکست دیکر سیمی فائنل تک رسائی حاصل کر لی راشد لطیف کرکٹ اکیڈمی گراونڈ یو پی پر گلشن معمار کرکٹ کلب کی پوری ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہو؟ 30•2 اوورز میں 175 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی قربان علی نے 57 رنز اور مزمل نے نا قابل شکست 32 رنز اسکور کیئے نیو یونائیٹڈ جمخانہ کے محمد ندیم نے چار سمید عامر خان نے تین اور محمد عاشر شاہ نے دو کھلاڑیوں کو آوٹ کیا نیو یونائیٹڈ جمخانہ نے اپنا مطلوبہ ہدف 38•4 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر پورا کر لیا سید حسیب خالد نے 46 رنز محمد عاشر شاہ نے نا قابل شکست 39 رنز اور زین علی جعفری نے 22 رنز اسکور کیئے گلشن معمار کرکٹ کلب کے زوھیب اللہ اور عمر فاروق نے دو دو کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ میڈیا کوارڈینیٹر کاشف احمد فاروقی، ایمپائرنگ کے فرائض محمد یونس اور زاہد اقبال نے سرانجام دیئے۔ جبکہ صغیر احمد آفیشل اسکورر تھے۔ راشد لطیف کرکٹ اکیڈمی گراونڈ گلبرگ پر کھیلے گئے چوتھے کوارٹر فائنل میں یونائیٹڈ اسپورٹس نے منگھری جمخانہ کو دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے کے بعد ایک وکٹ سے شکست دیکر سیمی فائنل میں جگہ بنالی منگھری جمخانہ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہو؟ مقررہ 40 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 164 رنز اسکور کیئے سید شہیر علی نے 75 رنز سجاد رشید نے 32 رنز اور رحمان زیب نے نا قابل شکست 25 رنز اسکور کیئے یونائیٹڈ اسپورٹس کی جانب سے حسین امام نے 3 جبکہ سید نوفل اور غازی عباد ناصر نے دو دو کھلاڑیوں کو آوٹ کیا یونائیٹڈ اسپورٹس نے اپنا مطلوبہ ہدف 167 رنز 37•2 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر پورا کر لیا سید نواب خان نے 46 رنز اور عبدالہادی نے نا قابل شکست 38 رنز اسکور کئے منگھری جمخانہ کے سجاد رشید اور محمود جمشید نے دو دو کھلاڑیوں کو آوٹ کیا ایمپائرنگ کے فرائض بشیر عباسی اور شکیل احمد نے سرانجام دیئے جبکہ صغیر احمد آفیشل اسکورر تھے۔

بقیہ نمبر 8 «قوم کی آواز»

میں شرکت، محکمہ تعلیم کے افسران پر رشوت خوری اور انتقامی کارروائیوں کے الزامات، مطالبات تسلیم نہ ہونے پر احتجاج سندھ بھر میں پھیلانے کا اعلان تفصیلات کے مطابق پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن (پ ٹ الف) میر پورخاص کے زیر اہتمام پ ٹ الف کے رہنما اعظم ہزاروی کی بحالی اور دیگر مطالبات کے حل کے لئے اساتذہ نے کمشنر کمپلیکس کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا جس میں خواتین اساتذہ سمیت بڑی تعداد میں اساتذہ نے شرکت کی مظاہرین نے اعظم ہزاروی کی بحالی، محکمہ تعلیم میں مبینہ بدعنوانی کی تحقیقات، اساتذہ کو درپیش مسائل کے حل اور مبینہ انتقامی کارروائیاں بند کرنے کا مطالبہ کیا اس موقع پر پ ٹ الف میر پورخاص سٹی کے صدر اعظم ہزاروی، ڈویژن جنرل سیکریٹری نذیر معاویہ، ضلع عمرکوٹ کے صدر اکرام الحق آرائیں کے علاوہ تعلقہ جھڈو، تعلقہ ڈگری، کوٹ غلام محمد، شجاع آباد، میر پورخاص سٹی، تعلقہ حسین بخش مری، تعلقہ سندھڑی کے صدور اور جنرل سیکریٹری سمیت دلاور ملک، سابقہ ضلع صدر پیر داد منگریو، شمس الدین پنھور، عقیل راجپوت نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ڈی ای او) پرائمری کے دفتر میں رشوت کا بازار گرم ہے اور اساتذہ کے ایف سی آر سمیت ریٹائرمنٹ کے معاملات میں مبینہ طور پر لاکھوں روپے طلب کیے جاتے ہیں ان کا کہنا تھا کہ شکایات کے باوجود متعلقہ حکام مؤثر کارروائی نہیں کر رہے انہوں نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کو ملازمت سے برطرف کرنے، معطلی اور دور دراز مقامات پر تبادلے کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں مظاہرین نے بعض تعلیمی افسران کے رویے پر بھی اعتراض کرتے ہوئے ہیڈ مسٹریس اقرا کیمپس ہائی اسکول سٹلائٹ ٹاؤن شبنم ناز اور متعلقہ ڈی ای او سمیت ذمہ دار افسران کے خلاف کارروائی اور انہیں میر پورخاص سے ہٹانے کا مطالبہ کیا اساتذہ کا کہنا تھا کہ ان کے جائز مطالبات سنے جائیں اور اعظم ہزاروی کی بحالی کے معاملے کو فوری حل کیا جائے احتجاجی رہنماؤں نے خبردار کیا کہ مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو احتجاج کا دائرہ سندھ بھر میں وسیع کیا جائے گا دھرنے کے شرکاء نے کمشنر میر پورخاص اور ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا کہ وہ معاملے کا فوری نوٹس لے کر اساتذہ کی شکایات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات اور مسائل کے حل کے لیے اقدامات کریں احتجاجی مظاہرے میں میر پورخاص اور عمرکوٹ اضلاع کے اساتذہ کرام نے بڑی تعداد میں شرکت کی دیں اثنا پ ٹ الف کے وفد نے ڈپٹی کمشنر نواب سمیر حسین لغاری سے ملاقات کر کے مطالبات پیش کئے جس پر ڈپٹی کمشنر نے مطالبات کے حل کے لئے تین روز کا وقت مانگا اور اس یقین دہانی کے بعد دھرنا ختم کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 9 «قوم کی آواز»

تحقیقات کرانے کا مطالبہ کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سے ایک تحریری درخواست کے ذریعے ہنگامی مداخلت کی اپیل کی ہے انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ نارا کینال سمیت سندھ کے آبپاشی منصوبوں، ٹھیکوں، سرکاری اخراجات اور سندھ اریگیشن اینڈ ڈرینج اتھارٹی (سیڈا) کی کارکردگی کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیا جائے تاکہ پانی کی منصفانہ تقسیم یقینی بنائی جا سکے درخواست میں جاوید علی جونیجو نے مؤقف اختیار کیا کہ کینال کے انتظامی معاملات اور پانی کی تقسیم کے حوالے سے سنگین خدشات پائے جاتے ہیں جبکہ نہری نظام کے آخری سرے پر واقع کاشتکاروں کو پانی کی قلت اور غیر معمولی وارہ بندی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے انہوں نے الزام عائد کیا کہ بعض بااثر افراد کی جانب سے مبینہ طور پر غیر قانونی دیواریں تعمیر کر کے پانی نکالنے کے راستے قائم کیے گئے ہیں جس کے نتیجے میں نچلے علاقوں کے کاشتکار اپنے جائز حصے کے پانی سے محروم ہو سکتے ہیں ان کا کہنا تھا کہ سیڈا کا بنیادی مقصد آبپاشی کے نظام کو بہتر بنانا اور کاشتکاروں کے حقوق کا تحفظ کرنا ہے تاہم اس کی کارکردگی اور مختلف منصوبوں کے اخراجات کے حوالے سے اٹھنے والے سوالات کی غیر جانبدارانہ جانچ ضروری ہے جاوید علی جونیجو نے سندھ آن فارم واٹر مینجمنٹ، نہروں کی پختگی اور بھل صفائی سمیت مختلف آبپاشی منصوبوں میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں کی تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ 1990 سے اب تک مکمل ہونے والے منصوبوں، سرکاری فنڈز کے استعمال، ٹھیکوں، خریداریوں اور کام کے معیار کا جامع مالیاتی آڈٹ کرایا جائے درخواست میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ نارا کینال کے ٹیل اینڈ پر واقع کاشتکاروں کو ان کے حصے کا پانی فراہم کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں مبینہ غیر قانونی آبی راستوں کے خلاف کارروائی کی جائے، سیڈا کی تقرریوں اور کارکردگی کا جائزہ لیا جائے اور تحقیقات میں بدعنوانی یا اختیارات کے ناجائز استعمال کے شواہد سامنے آئیں تو ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے جاوید علی جونیجو کا کہنا ہے کہ پانی کی غیر منصفانہ تقسیم کا سب سے زیادہ نقصان چھوٹے زمینداروں اور عام ہاریوں کو اٹھانا پڑتا ہے جن کی فصلیں اور معاشی حالات نہری پانی کی بروقت فراہمی سے وابستہ ہیں۔

بقیہ نمبر 10 «قوم کی آواز»

شہریوں کی شکایات سنیں، جبکہ اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر ون افضل چانڈیو اور عرفان بھی اس موقع پر موجود تھے۔ کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد سرکاری ملازمین اور عام شہریوں کو درپیش مسائل، بالخصوص تنخواہوں، پنشن، بقایاجات، جنرل پراویڈنٹ فنڈ (جی پی فنڈ)، مالی معاونت اور دیگر انتظامی و مالی معاملات کے حل کے لیے متعلقہ فورم فراہم کرنا تھا۔ اس موقع پر مجموعی طور پر 10 درخواستیں موصول ہوئیں، جبکہ 6 مقدمات کی سماعت کی گئی۔ موصولہ شکایات میں ٹھیکیدار کی جانب سے سی سی بلاک کا کام مکمل نہ کرنا، اسکول میں پیون کی عدم دستیابی کے باعث درپیش مشکلات، محکمہ تعلیم کے ملازمین کو پنشن اور بقایاجات کی بروقت ادائیگی نہ ہونا اور تنخواہوں سے متعلق مسائل شامل تھے۔ ہائی وے کے ایک ریٹائرڈ ملازم نے شکایت درج کرائی کہ ریٹائرمنٹ کے بعد انہیں تاحال واجب الادا مالی مراعات موصول نہیں ہوئیں، جبکہ محکمہ لوکل گورنمنٹ کے ایک ریٹائرڈ ملازم نے پنشن اور تنخواہ کی عدم ادائیگی سے متعلق شکایت پیش کی۔ ریجنل ڈائریکٹر سید امداد علی شاہ نے متعلقہ شکایات کا جائزہ لیتے ہوئے قانون اور مقررہ طریقہ کار کے مطابق کارروائی کی ہدایت کی۔ انہوں نے درخواست گزاروں کو ہدایت کی کہ درخواست جمع کراتے وقت اپنا مکمل نام، موبائل نمبر، مکمل ڈاک کا پتہ اور قومی شناختی کارڈ کی نقل لازماً منسلک کریں، تاکہ شکایات پر کارروائی میں آسانی ہو اور مسائل کا قانون کے مطابق ازالہ کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 11 «قوم کی آواز»

اہم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جو اپوزیشن کا کردار ہے ہاؤس کو فعال کرنے میں ان کو کردار ادا کرنا ہوگا، جو لوگ چاہتے ہیں پارلیمان فعال نہ ہو ان کا مقصد پورا ہو چکا ہے آپ کو مبارک ہو، کمیٹیوں میں نہ بیٹھنے کے فیصلے سے پارلیمان کمزور ہوا ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ اگر قائد حزب اختلاف واقع ہی سنجیدہ ہیں تو ان سے درخواست ہے کہ خان صاحب نے جو اختیار ان کو دلوایا ہے اس کو استعمال کریں، انتخابی اصلاحات کمیٹی کی حد تک تو اپوزیشن لیڈر اپنے اختیارات استعمال کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر آپ چاہتے ہیں آنے والے انتخابات میں دھاندلی والے ایشو کو بہتر کیا جائے تو پی ٹی آئی کے اراکین اس میں شامل ہوں، سکیورٹی، معیشت اور خطے کی صورتحال سے متعلق آنے والے دنوں میں پاکستان کو مشکلات کا سامنا ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ وزراء اس ہاؤس کو پورے طریقے سے بریف کریں اور بتائیں کہ کیا مشکلات ہیں، بتائیں کہ ایران والے معاملے میں پاکستان کو کیا نقصان ہو سکتا ہے، دفاعی معاہدوں اور دستخط دی والے ایشو پر بریف کیا جائے، انتخابی اصلاحات، دستخطی اور دفاعی معاہدوں سے متعلق بریفنگ میں آپ کے نمائندے نہیں ہونگے تو کیا فائدہ۔

بقیہ نمبر 12 «قوم کی آواز»

وسعت دینے پر توجہ دی گئی۔ ان ملاقاتوں کے دوران وفاقی وزیر نے ڈی۔8 تنظیم برائے اقتصادی تعاون کے سیکریٹری جنرل، قطر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے چیئرمین اور ریناج گروپ کے نمائندوں سے ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں دوطرفہ اور کثیرالجہتی تجارت کو وسعت دینے، نجی شعبے کے روابط مضبوط بنانے اور زراعت، غذائی تحفظ، صنعتی ترقی، اسپتالوں اور سیاحت سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ منگل کے روز جاری ہونے والے ایک اعلامیے کے مطابق، پاکستان نے ڈی۔8 اقتصادی تعاون اور 500 ارب ڈالر کے تجارتی ہدف کے حصول کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ 25 اکتوبر کو ڈی۔8 تنظیم برائے اقتصادی تعاون کے سیکریٹری جنرل کے ساتھ ملاقات میں وفاقی وزیر جام کمال خان نے رکن ممالک کے درمیان اقتصادی انضمام کو مضبوط بنانے اور تجارت میں تیزی لانے کے اقدامات پر گفتگو کی۔ ڈی۔8 کے سیکریٹری جنرل نے تنظیم کے لیے پاکستان کی مسلسل حمایت کو سراہا اور مصر کی جانب سے توثیق کے بعد ڈی۔8 ترجیحی تجارتی معاہدے پر عمل درآمد کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ دونوں فریقین نے اس ضرورت پر زور دیا کہ موجودہ اقتصادی تعاون کے فریم ورک کو نجی شعبے کی زیادہ شراکت داری، مارکیٹ تک بہتر رسائی اور رکن ممالک کے درمیان مضبوط تجارتی روابط کے ذریعے عملی کاروباری مواقع میں تبدیل کیا جائے۔ گفتگو میں ڈی۔8 تنظیم کے اس بلند ہدف پر بھی توجہ دی گئی جس کے تحت 2030 تک رکن ممالک کے درمیان باہمی تجارت کا حجم 500 ارب ڈالر تک پہنچانا ہے۔ جام کمال خان نے تعاون کے فریم ورک کو مضبوط بنانے، تجارت میں سہولت فراہم کرنے، سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی اور رکن معیشتوں میں پائیدار اقتصادی ترقی کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ پاکستان اور قطر نے زراعت اور غذائی تحفظ کے شعبوں میں تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ 26 اکتوبر کو ہونے والی ایک علیحدہ دوطرفہ ملاقات میں وفاقی وزیر نے قطر کے وزیر بلدیات سے ملاقات کی، جس میں اقتصادی تعاون کو وسعت دینے، غذائی تحفظ اور دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے کے امور زیر بحث آئے۔

بقیہ نمبر 13 «قوم کی آواز»

فریقین کو نوٹس جاری کر دیے، جبکہ پولیس کو لڑکی کی بازیابی یقینی بنانے کا حکم دیتے ہوئے تمام فریقین سے 30 نومبر کو رپورٹ طلب کر لی۔ درخواست گزار کے مطابق ان کی بہن نسیمہ اختر 11 جولائی کو گھر سے مہندی لگوانے کے لیے گئی تھی، تاہم اس کے بعد واپس نہیں آئی۔ اہل خانہ کی جانب سے تلاش کے باوجود اس کا سراغ نہ ملنے پر عدالت سے رجوع کیا گیا۔ درخواست گزار نے مؤقف اختیار کیا کہ نامعلوم افراد مبینہ طور پر بدکاری کی نیت سے ان کی بہن کو اغوا کر کے لے گئے ہیں۔ انہوں نے عدالت سے استدعا کی کہ نسیمہ اختر کو بازیاب کروا کر اہل خانہ کے حوالے کیا جائے۔ عدالت نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے آئی جی سندھ، محکمہ داخلہ سندھ، وفاقی حکومت اور دیگر متعلقہ حکام کو نوٹس جاری کر دیے۔ عدالت نے پولیس کو ہدایت کی کہ لڑکی کی بازیابی کے لیے اقدامات کیے جائیں اور آئندہ سماعت پر پیش رفت سے آگاہ کیا جائے۔ عدالت نے فریقین سے 30 نومبر کو رپورٹ طلب کر لی ہے۔

بقیہ نمبر 14 «قوم کی آواز»

آکسیجن سلنڈر پھٹنے کے افسوسناک واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے مکمل اور شفاف تحقیقات کرانے اور حقائق منظر عام پر لانے کی ہدایت کی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے واقعے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس المناک حادثے نے انہیں صدمے سے دوچار کر دیا ہے۔ انہوں نے جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ وہ متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کرتے ہوئے ان کی بہترین طبی نگہداشت یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے ہدایت کی کہ واقعے کی مکمل، غیر جانب دارانہ اور شفاف تحقیقات کی جائیں تاکہ حادثے کی اصل وجوہات سامنے آ سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر تحقیقات میں انسانی غفلت یا کسی مجرمانہ فعل کا ثبوت ملتا ہے تو ذمہ داران کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے اور انہیں کڑی سے کڑی سزا دلوائی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تھرپارکر میں مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام کے لیے موجودہ نظام اور حفاظتی انتظامات کا جامع جائزہ لیا جائے اور ضروری اصلاحات کے ساتھ مؤثر اقدامات پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے، تاکہ انسانی جانوں کا تحفظ ممکن ہو سکے۔

بقیہ نمبر 15 «قوم کی آواز»

صوبائی اسمبلی امجد آفریدی سمیت تین ملزمان کو بری کر دیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ پراسیکیوشن ملزمان کے خلاف الزامات ثابت کرنے میں ناکام رہی ہے۔ مقدمے سے بری ہونے والے دیگر ملزمان میں دانش آفریدی اور عمران آفریدی شامل ہیں۔ تینوں ملزمان کے خلاف تھانہ بلدیہ ٹاؤن میں مقدمہ درج کیا گیا تھا، جس میں بلدیاتی انتخابات کے روز پولنگ اسٹیشن پر ہنگامہ آرائی، بیلٹ بک چھیننے اور پریذائیڈنگ افسر پر تشدد کے الزامات عائد کیے گئے تھے۔ پراسیکیوشن کے مطابق 15 جنوری 2023 کو بلدیاتی انتخابات کے روز ملزم امجد آفریدی کو گرفتار کیا گیا تھا اور ان کے قبضے سے بیلٹ بک برآمد ہوئی تھی۔ استغاثہ کا مؤقف تھا کہ ملزمان نے نیول کالونی کی یونین کونسل 13 کے پولنگ اسٹیشن میں ہنگامہ آرائی کی اور پریذائیڈنگ افسر کو تشدد کا نشانہ بنایا۔ دوسری جانب وکیل صفائی نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزم نے مبینہ دھاندلی کے ثبوت کے طور پر بیلٹ بک دکھائی تھی۔ دفاع کے مطابق بیلٹ بک دکھانے کا مقصد انتخابی بے ضابطگیوں کی نشاندہی کرنا تھا۔ عدالت نے مقدمے کا جائزہ لینے کے بعد پراسیکیوشن کی جانب سے الزامات ثابت نہ کیے جانے پر امجد آفریدی، دانش آفریدی اور عمران آفریدی کو مقدمے سے بری کرنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ نمبر 16 «قوم کی آواز»

کہ خاندان اور معاشرے کی مضبوطی میں نگہداشت کرنے والوں کی خدمات قابل تحسین ہیں۔ ایسے افراد دوسروں کی ضروریات پوری کرنے اور انہیں بہتر زندگی گزارنے میں مدد دینے کے لیے اہم کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کی خدمات کو تسلیم کرنا اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا چاہیے۔ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ نگہداشت کے شعبے سے وابستہ افراد کو مناسب سہولیات، پیشہ ورانہ تربیت اور سماجی تحفظ فراہم کیا جانا چاہیے تاکہ وہ اپنی ذمہ داریاں بہتر انداز میں انجام دے سکیں۔ انہوں نے خواتین کے کردار کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ خواتین گھر، خاندان اور معاشرے میں نگہداشت اور معاونت کے حوالے سے اہم ذمہ داریاں نبھاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہے جہاں ہر فرد کو عزت، توجہ اور ضروری معاونت میسر ہو۔ اس مقصد کے لیے حکومت اور معاشرے کو مل کر نگہداشت اور معاونت کے نظام کو مزید مؤثر بنانا ہوگا تاکہ ضرورت مند افراد کی ضروریات بہتر طور پر پوری کی جا سکیں۔ گورنر سندھ نے مزید کہا کہ اسلامی تعلیمات بھی بزرگوں، بیماروں اور ضرورت مندوں کی دیکھ بھال، خدمت اور ان کے ساتھ حسن سلوک کا درس دیتی ہیں۔ ان تعلیمات پر عمل کر کے معاشرے میں ہمدردی، احساس ذمہ داری اور باہمی تعاون کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 17 «قوم کی آواز»

1 لاکھ 65 ہزار پوائنٹس کی سطح بھی عبور ہوگئی، تیزی کے سبب 54.23 فیصد حصص کی قیمتیں بڑھ گئیں جبکہ حصص کی مالیت میں بھی 1 کھرب 14 ارب 861633 کروڑ 21 لاکھ 25 ہزار 887 روپے کا اضافہ ہو گیا۔ کاروبار کا آغاز تیزی سے ہوا ایک موقع پر پوائنٹس کی تیزی سے انڈیکس کی 1 لاکھ 66 ہزار پوائنٹس کی سطح بھی عبور ہوگئی تھی تاہم اختتامی لمحات میں فوری منافع کے حصول پر رجحان غالب ہونے سے تیزی کی مذکورہ شرح میں کمی واقع ہوئی نتیجتاً کاروبار کے اختتام پر کے ایس ای 100 انڈیکس 1269.55 پوائنٹس کے اضافے سے 165736.76 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔ ادھر بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت دوبارہ 35 ڈالر کے اضافے سے 4 ہزار 031 ڈالر کی سطح پر آگئی جس کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی بدھ کو فی تولہ سونے کی قیمت 3 ہزار 500 روپے کے اضافے سے 4 لاکھ 25 ہزار 636 روپے کی سطح پر آگئی اور فی 10 گرام سونے کی قیمت بھی 3 ہزار 1001 روپے کے اضافے سے 3 لاکھ 64 ہزار 914 روپے کی سطح پر آگئی۔ علاوہ ازیں زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں بدھ کو بھی ڈالر کے مقابلے میں روپیہ مستحکم رہا، کاروبار کے اختتام پر ڈالر کی قدر مزید 03 پیسے کی کمی سے 276 روپے 77 پیسے کی سطح پر بند ہوئی جبکہ اوپن کرنسی مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قدر 02 پیسے کی کمی سے 278 روپے 66 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔

بقیہ نمبر 18 «قوم کی آواز»

تعلیمی اداروں کے طلبہ شرکت کر رہے ہیں۔ فیسٹیول کا مقصد نوجوانوں کی علمی، ادبی اور تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے ساتھ ان میں مطالعے کا ذوق اور مثبت سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے۔ فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جامعہ بنوریہ عالمیہ کے مہتمم ڈاکٹر مفتی نعمان نعیم نے کہا کہ یہ ادبی میلہ طلبہ کی قائدانہ صلاحیتوں اور تخلیقی رجحانات کا مظہر ہے۔ انہوں نے بنوریہ لٹریچر کلب کی کاوشوں اور انتظامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے پروگرام طلبہ کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرتے ہیں۔ مفتی نعمان نعیم نے کہا کہ ادبی سرگرمیوں کے ذریعے نئی نسل میں شعور اور آگاہی پیدا کی جا سکتی ہے۔ نوجوانوں کی علمی، ادبی اور تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے اس نوعیت کے پروگرام اہم کردار ادا کرتے ہیں، کیونکہ ان سے طلبہ کو اپنی صلاحیتیں نکھارنے اور انہیں دوسروں کے سامنے پیش کرنے کے مواقع ملتے ہیں۔ ادبی فیسٹیول کے دوران حسن قرات، نعت، نظم، غزل اور بیت بازی سمیت مختلف مقابلے منعقد کیے جائیں گے، جبکہ تقاریر، مقالہ نگاری اور دیگر علمی و ادبی سرگرمیاں بھی پروگرام کا حصہ ہوں گی۔

بقیہ نمبر 19 «قوم کی آواز»

30 لاکھ روپے سے زائد نقد لین دین کی رپورٹ فنانشل مانیٹرنگ یونٹ (ایف ایم یو) کو دینا ہوگی۔ ذرائع کے مطابق اس سے قبل بینکوں میں نقد لین دین کی رپورٹنگ کے لیے 20 لاکھ روپے کی حد مقرر تھی، جسے اب بڑھا کر 30 لاکھ روپے کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب منی لانڈرنگ کی روک تھام کے لیے صوبائی اینٹی کرپشن اداروں کو اختیارات دینے پر بھی اتفاق کیا گیا ہے، تاہم اس فیصلے پر عمل درآمد متعلقہ ضابطہ کار (ایس او پیز) کی تکمیل سے مشروط ہوگا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت نے ورچوئل اثاثہ جات کو بھی انسدادِ منی لانڈرنگ کے نظام میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں ورچوئل اثاثہ جات ریگولیٹری اتھارٹی کو انسدادِ منی لانڈرنگ قانون کے تحت اختیارات دے دیے گئے ہیں۔ ان اقدامات کا مقصد مالی لین دین کی نگرانی اور منی لانڈرنگ کی روک تھام کے نظام کو مزید مؤثر بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 20 «قوم کی آواز»

ملزم کے قبضے سے اسلحہ برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ پولیس ترجمان کے مطابق سٹی پولیس کے اہلکار علاقے میں معمول کی چیکنگ میں مصروف تھے کہ اس دوران مبینہ طور پر اسنیچر گینگ کے کارندوں سے سامنا ہو گیا۔ پولیس حکام نے کہا کہ اہلکاروں کو دیکھتے ہی ملزمان نے فائرنگ شروع کر دی، جس پر پولیس نے جوابی کارروائی کی۔ ترجمان کے مطابق فائرنگ کے تبادلے کے دوران ایک ملزم زخمی ہو گیا، جسے پولیس نے اسلحے سمیت گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم کی شناخت عرفان عرف عرفو داسو لنگی ماچھی کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا، جبکہ واقعے سے متعلق مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم کے دیگر ساتھیوں اور مبینہ جرائم میں ملوث ہونے کے حوالے سے بھی تحقیقات کی جا رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 21 «قوم کی آواز»

ممالک کی دوطرفہ تجارت 11 سے 12 ارب ڈالر ہے لیکن پاکستان کی آسیان ممالک کو برآمدات ڈیڑھ ارب ڈالر سے بھی کم ہیں جو انتہائی کم ہے اور اسے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی، ٹیکسٹائل، زراعت، ایگری فوڈ اور حلال صنعت میں تعاون بڑھایا جا سکتا ہے۔ پاکستان آسیان ممالک کے لیے وسطی ایشیا، مشرق وسطیٰ اور مغربی چین تک رسائی کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ غیرملکی سرمایہ کاروں کے لیے پاکستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ ثاقب فیاض مگوں نے کہا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع ہیں، 240 ملین صارفین کا ملک ہے، سی پیک کے تحت اسپیشل اکنامک زونز میں ٹیکس مراعات، لبرل سرمایہ کاری پالیسی موجود ہے۔ مائنز اینڈ منرلز، آئی ٹی، فری لانسنگ، زراعت میں ویلیو ایڈیشن، سیاحت اور گرین انرجی میں مواقع ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ایس آئی ایف سی غیر ملکی سرمایہ کاروں کو فاسٹ ٹریک پر سہولت دے رہی ہے، کل ایس آئی ایف سی کے ساتھ بہت اہم میٹنگ ہوئی ہے۔ اب ریگولیٹری اور کمپلائنس مسائل ختم کیے جا رہے ہیں، پاکستان میں سرمایہ کاری بہت آسان ہوگی، غیرملکی سرمایہ کاروں کو ٹیکس اور کسٹم ڈیوٹی میں خصوصی فوائد دیں گے، یہ تمام آسیان ممالک کے لیے بڑا موقع ہے، ہم آسیان سرمایہ کاروں کو پاکستان کو پروڈکشن ہب بنانے کی دعوت دیتے ہیں۔ ثاقب فیاض مگوں نے تجویز دی کہ ایف پی سی سی آئی اور آسیان چیمبر کے درمیان مشترکہ بزنس فورم قائم کیا جائے، پاکستان کی جانب سے سیکرٹریٹ ایف پی سی سی آئی کے پاس ہوگا۔ پاکستان-آسیان ٹریڈ ایکسپو کراچی میں منعقد کرنے کی تجویز ہے۔ سالانہ بنیادوں پر سیکٹورل ورکنگ گروپس بنانے پر اتفاق، آئی ٹی، ٹیکسٹائل، ایگری فوڈ، حلال انڈسٹریز اور ایس ایم ایز پر ورکنگ گروپس قائم ہوں گے۔ نوجوان اور خواتین کاروباری افراد کے لیے ایکسچینج پروگرام کی بھی تجویز دی گئی۔

بقیہ نمبر 22 «قوم کی آواز»

دو افراد زخمی ہو گئے۔ جاں بحق شخص کی شناخت 30 سالہ مدثر کے نام سے ہوئی ہے، جبکہ زخمیوں کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق لانڈھی کے علاقے لالہ آباد کے قریب فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ چھیپا رضا کاروں نے لاش ضابطے کی کارروائی کے لیے جناح اسپتال منتقل کی، جہاں مقتول کی شناخت 30 سالہ مدثر کے نام سے ہوئی۔ ریسکیو حکام کے مطابق مقتول کو سینے پر گولی لگی تھی۔ واقعے کے مقام کے حوالے سے پولیس کے مختلف تھانوں کے حکام کے درمیان حدود کا تعین متنازع رہا۔ قائد آباد، لانڈھی اور ابراہیم حیدری تھانوں سے رابطے پر مختلف مؤقف سامنے آئے، تاہم رات گئے تک متعلقہ تھانے کی حدود کے بارے میں ابہام برقرار رہا۔ فائرنگ کی وجہ فوری طور پر معلوم نہیں ہو سکی۔ علاقے سے ملنے والی اطلاعات میں شبہ ظاہر کیا گیا کہ واقعہ ڈکیتی کے دوران مزاحمت کا نتیجہ ہو سکتا ہے، تاہم پولیس کی جانب سے اس کی تصدیق نہیں کی گئی۔ دوسری جانب محمود آباد کے علاقے کالا پل، چنیسر گوٹھ میں وارث ہوٹل کے قریب فائرنگ کے دوران 40 سالہ انور ولد ولی محمد زخمی ہو گیا، جسے طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق ابتدائی طور پر واقعے کو ذاتی رنجش کا نتیجہ قرار دیا جا رہا ہے، جبکہ مزید تحقیقات جاری ہیں۔ ادھر گلستان جوہر میں فائرنگ کے ایک اور واقعے میں وکیل کے زخمی ہونے کی اطلاع سامنے آئی ہے۔ تاہم واقعے کی نوعیت، زخمی وکیل کی شناخت اور فائرنگ کی وجوہات سے متعلق مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آ سکیں۔ پولیس حکام کے مطابق واقعات کی وجوہات اور ذمہ داروں کا تعین کرنے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 23 «قوم کی آواز»

جامعہ الستاریہ الاسلامیہ، گلشن اقبال کراچی میں جماعت غرباء اہل حدیث پاکستان کے نومنتخب امیر پروفیسر حافظ محمد سلفی سے ملاقات کی اور جماعت کے سابق امیر، ممتاز عالم دین مولانا حافظ عبدالرحمٰن سلفی کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور تعزیت کا اظہار کیا۔ وفد کے ارکان نے مرحوم کی دینی، علمی اور جماعتی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کی وفات کو جماعت اہل حدیث کے لیے بڑا نقصان قرار دیا۔ اس موقع پر ارکان نے تعزیتی کتاب میں اپنے تاثرات قلم بند کیے اور مرحوم کی مغفرت، بلندی درجات اور اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ وفد نے پروفیسر حافظ محمد سلفی کو منصب امارت سنبھالنے پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اس امید کا اظہار بھی کیا گیا کہ ان کی قیادت میں جماعتی اتحاد و استحکام کو فروغ ملے گا اور دعوتی و دینی سرگرمیاں مزید وسعت اختیار کریں گی۔ وفد میں ادارہ فروغ قرآن وسنت کراچی کے مدیر سید محمد عامر نجیب، نائب مدیر محمد اشرف قریشی، مولانا عبداللہ ناصر مدنی، مولانا محمد مزمل صدیقی، شرافت حسین اثری، مولانا سلمان احمد، مولانا رفیق احمد سلفی، حافظ بلال شاہد اور حافظ عبدالواحد سلفی سمیت دیگر علما اور جماعتی ذمہ داران شامل تھے۔ اس موقع پر جامعہ الستاریہ الاسلامیہ کے وکیل معروف عالم دین مولانا انس مدنی، جامعہ کے سینئر مدرسین مولانا عبدالعظیم حسن زئی، مولانا حافظ محمد صہیب شاہد دہلوی، مولانا حکیم مطیع الرحمٰن، مولانا حافظ محمد انس مدنی اور مولانا امان اللہ فیصل بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 24 «قوم کی آواز»

اور دو مزدور زخمی ہونے کا مقدمہ سولجر بازار تھانے میں درج کر لیا گیا۔ مقدمہ تعمیراتی شعبے سے وابستہ بلڈر عمران عبدالستار کی مدعیت میں مبینہ طور پر لیاری گینگ وار کے سرغنہ جمیل عرف چھانگا اور اس کے گروپ کے نامعلوم افراد کے خلاف درج کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقدمہ نمبر 339/2026 میں قتل، اقدام قتل، بھتہ خوری اور دیگر دفعات شامل کی گئی ہیں، جبکہ واقعے میں ملوث ملزمان کی گرفتاری تاحال عمل میں نہیں آ سکی۔ مقدمے کی تفتیش اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ (ایس آئی یو)، سی آئی اے صدر کے حوالے کر دی گئی ہے۔ مدعی عمران عبدالستار نے اپنے بیان میں بتایا کہ ان کے بھائی فرحان تعمیراتی منصوبوں اور جائیداد کی خرید و فروخت کے کاروبار سے وابستہ ہیں اور کراچی میں ان کے متعدد منصوبے زیر تعمیر ہیں۔ ان کے مطابق کچھ عرصہ قبل دیگر منصوبوں کے حوالے سے بھتے کی کالز موصول ہوئی تھیں، جن میں مبینہ طور پر لیاری گینگ وار کے سرغنہ جمیل عرف چھانگا کے گروپ کی جانب سے بھی بھتے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ مدعی نے مزید دعویٰ کیا کہ تقریباً 10 سے 12 روز قبل ان کے دفتر کے باہر بھی فائرنگ کی گئی تھی۔ ان کے مطابق نشتر روڈ پر پلاٹ نمبر 149 میں زیر تعمیر عمارت جمانی اسکوائر میں مزدور اور چوکیدار کام کرنے کے ساتھ وہیں رہائش پذیر بھی ہیں۔ عمران عبدالستار کے بیان کے مطابق 28 اکتوبر 2026 کو انہیں اطلاع ملی کہ صبح تقریباً 9 بج کر 25 منٹ پر ایک نوجوان سرخ 125 موٹر سائیکل پر آیا اور پستول سے فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے نتیجے میں 25 سالہ مزدور محمد شاہد ولد بلاول کے دائیں ہاتھ اور شاکر علی ولد اللہ بخش کی بائیں ٹانگ پر گولیاں لگیں، جبکہ 30 سالہ سیکیورٹی گارڈ محمد اسلم ولد محمد صدیق سینے کے دائیں جانب گولی لگنے سے شدید زخمی ہو گیا۔ تینوں زخمیوں کو سول اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں محمد اسلم دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا، جبکہ دونوں مزدور زخمی ہو گئے۔ مدعی نے شبہ ظاہر کیا ہے کہ فائرنگ کا واقعہ بھتے کے مطالبے سے منسلک ہے اور اس میں جمیل عرف چھانگا کے گروپ کے افراد ملوث ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے پولیس کو بتایا کہ زخمی مزدور حملہ آور کو سامنے آنے پر شناخت کر سکتے ہیں۔ واقعے کے مقدمے میں نامزد افراد کے خلاف الزامات کی تفتیش جاری ہے، تاہم پولیس نے تاحال کسی ملزم کی گرفتاری کی تصدیق نہیں کی۔

بقیہ نمبر 25 «قوم کی آواز»

اعلیٰ معیار کے ہاتھ سے تیار کردہ ملبوسات کی تیاری کے شعبے میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ دنیا بھر سے تعلق رکھنے والے 24 ممتاز بیسپوک درزیوں کے ساتھ سرفراز اکبر کی شرکت نے پاکستانی دستکاری کو عالمی سطح پر متعارف کرانے کا موقع فراہم کیا۔ تقریب کے دوران اکبر نے ایک منفرد بیسپوک لباس پیش کیا، جو روایتی درزی کاری کی نفاست، ہاتھ کی مہارت اور اعلیٰ معیار کی سلائی کے اصولوں کی عکاسی کرتا تھا۔ ان کی شرکت اور اس اعزاز نے عالمی بیسپوک ٹیلرنگ انڈسٹری میں پاکستانی ہنرمندوں کی صلاحیتوں اور کردار کو اجاگر کیا۔ اکبر چھ دہائیوں سے زائد عرصے پر محیط خاندانی درزی کاری کی روایت کی نمائندگی کرتے ہیں۔ ان کی قیادت میں سرتوریا دی ایمپیسڈر اینڈ ایمپیسڈر بیسپوک گروپ آف پاکستان روایتی درزی کاری کی تکنیکوں کو محفوظ رکھتے ہوئے جدید طرز لباس اور معیار کے بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ ہو رہا ہے۔ اس کامیابی پر اظہار خیال کرتے ہوئے سرفراز اکبر نے کہا کہ یہ اعزاز محض انفرادی کامیابی نہیں بلکہ پاکستان کی نمائندگی اور ملک کی دستکاری کو عالمی برادری سے متعارف کرانے کا ایک اہم موقع تھا

بقیہ نمبر 26 «قوم کی آواز»

صحت، تعلیم، پانی، بجلی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر انتظامی نظام کی ضرورت ہے، تاکہ مسائل کا بروقت حل اور وسائل کی منصفانہ تقسیم ممکن ہو سکے۔ شہریوں نے سندھ حکومت کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کراچی جیسے بڑے شہر میں بجلی، پانی اور گیس جیسی بنیادی ضروریات بھی عوام کے لیے مشکلات کا باعث بنی ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے متبادل کے طور پر سولر سسٹم، پانی کے حصول کے لیے ٹینکرز اور گیس کی ضروریات پوری کرنے کے لیے سلنڈرز استعمال کرنا پڑ رہے ہیں، جس سے گھریلو اخراجات میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ شہریوں نے صورت حال پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے شہر کرایے پر چل رہا ہو، جہاں بنیادی ضروریات کے حصول کے لیے بھی عوام کو اپنی جیب سے اضافی اخراجات برداشت کرنا پڑتے ہیں۔ ان کے مطابق کراچی کی رونقیں بحال کرنے اور بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل حل کرنے کے لیے انتظامی ڈھانچے میں بہتری لانا ضروری ہے۔ شہریوں نے شہر کی سڑکوں کی خستہ حالی اور نکاسی آب کے ناقص انتظامات پر بھی شدید تشویش کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کھلے گٹروں میں بچوں کے گرنے اور جان سے ہاتھ دھونے جیسے واقعات شہری انتظامیہ کی کارکردگی پر سنجیدہ سوالات اٹھاتے ہیں۔

بقیہ نمبر 27 «قوم کی آواز»

ہے۔ تاہم ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن نے خبردار کیا ہے کہ ایران سے سپلائی مستقل بنیادوں پر بحال نہ ہوئی تو موسم سرما میں گیس کی قلت شدت اختیار کر سکتی ہے اور قیمت ایک ہزار روپے فی کلو تک پہنچنے کا خدشہ ہے۔ ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن کے ذرائع نے بتایا کہ ایران سے ایل پی جی کی ترسیل عارضی طور پر بحال ہوئی ہے، جس کے نتیجے میں مارکیٹ میں قیمتوں میں کمی کا رجحان دیکھا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ 16 اکتوبر سے قبل ایرانی ریفائنریز سے لوڈ ہو کر پاک ایران سرحد پر پہنچنے والے گیس کے ٹینکرز کو پاکستان میں داخلے کی اجازت دی گئی ہے، جبکہ اس تاریخ تک لوڈ ہونے والے باؤزر ہی سرحد پار آ سکیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اس طریقہ کار کے تحت پاکستان پہنچنے والی ایل پی جی کی مقدار تقریباً 8 سے 9 ہزار ٹن ہے، جو ملک کی صرف تین روز کی ضروریات پوری کر سکتی ہے۔ ان کے مطابق اتنی محدود مقدار میں گیس کی آمد سے ایل پی جی کا بحران مستقل طور پر حل نہیں ہو سکے گا، اس لیے سپلائی کی مسلسل بحالی ضروری ہے۔ ایسوسی ایشن کے عہدیدار نے کہا کہ مارکیٹ میں قیمتیں بتدریج کم ہو رہی ہیں اور گزشتہ دو روز میں فی کلو 30 سے 40 روپے کی کمی آ چکی ہے۔ توقع ہے کہ آئندہ دو سے تین روز کے دوران قیمت میں مزید 30 روپے فی کلو تک کمی ہو سکتی ہے، تاہم اس کا انحصار سپلائی کی صورت حال پر ہوگا۔ دوسری جانب آل پاکستان ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن نے ایران سے ایل پی جی کی درآمد میں سہولت فراہم کرنے کے لیے وفاقی حکومت کو چھ ماہ کی مدت کے لیے ای آئی ایف سے متعلق چھوٹ دینے کی تجویز پیش کر دی ہے۔ ایسوسی ایشن نے وزیر اعظم کے مشیر ہارون اختر کو بھی ممکنہ بحران سے آگاہ کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ موسم سرما میں ملکی ضروریات پوری کرنے کے لیے سابقہ طریقہ کار کے تحت چھوٹ چھ ماہ کے لیے بحال کی جائے۔ ایسوسی ایشن کے مطابق سردیوں میں ایل پی جی کی طلب بڑھنے کے باعث سپلائی میں کمی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے کا سبب بن سکتی ہے۔ اگر ایران سے ترسیل مکمل طور پر بحال نہ ہوئی تو موسم سرما کے دوران ایل پی جی کی قیمت ایک ہزار روپے فی کلو تک پہنچنے کا خدشہ ہے۔ ایل پی جی ڈسٹری بیوشن ایسوسی ایشن نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ممکنہ قلت سے نمٹنے اور صارفین کو مہنگی گیس سے بچانے کے لیے بروقت اقدامات کیے جائیں، تاکہ موسم سرما میں طلب کے مطابق گیس کی دستیابی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ نمبر 28 «قوم کی آواز»

2026 کی منظوری دے دی ہے، جس کے تحت ایئر لائن کی مسافر اور کارگو پروازیں 28 اکتوبر 2026 سے 27 مارچ 2027 تک پاکستان کی فضائی حدود استعمال کر سکیں گی۔ تفصیلات کے مطابق سول ایوی ایشن اتھارٹی نے ایوا ایئرویز کو پاکستان کی فضائی حدود سے گزرنے والی پروازوں کے لیے اجازت نامہ جاری کر دیا ہے۔ منظور شدہ شیڈول کے تحت ایئر لائن کو مقررہ مدت کے دوران فضائی آپریشن جاری رکھنے کی اجازت ہوگی، تاہم پروازوں کو متعلقہ قواعد و ضوابط اور طے شدہ شرائط کی پابندی کرنا ہوگی۔ سی اے اے کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کے مطابق ایوا ایئرویز کے لیے مقررہ فضائی راستوں پر عمل درآمد لازمی ہوگا، جبکہ پروازوں کے ذریعے جنگی سامان اور جاسوسی کے آلات لے جانے پر مکمل پابندی عائد کی گئی ہے۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق بین الاقوامی ایئر لائنز کے لیے فضائی حدود کے استعمال کی اجازت اور فلائٹ شیڈول کی منظوری فضائی آپریشنز کو منظم رکھنے اور متعلقہ حفاظتی ضوابط پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے اہم ہوتی ہے۔ ایوا ایئرویز تائیوان کی معروف بین الاقوامی ایئر لائن ہے، جس کا مرکزی فضائی مرکز تائیوان تاؤیوان انٹرنیشنل ایئرپورٹ ہے۔ ایئر لائن ایشیا، آسٹریلیا، یورپ اور شمالی امریکا سمیت مختلف خطوں کے 40 سے زائد شہروں کے لیے پروازیں چلاتی ہے۔ سول ایوی ایشن اتھارٹی کی جانب سے ونٹر شیڈول کی منظوری کے بعد ایوا ایئرویز مقررہ مدت کے دوران پاکستان کی فضائی حدود سے گزرنے والی پروازوں کا آپریشن منظور شدہ شرائط کے مطابق جاری رکھ سکے گی۔

بقیہ نمبر 29 «قوم کی آواز»

کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ اس کا مقصد خواتین اور لڑکیوں کے حقوق کو فروغ دینا، صنفی دقیانوسی تصورات کو چیلنج کرنا، خواتین کی آواز اور قیادت کو اجاگر کرنا اور خواتین و لڑکیوں کی منصفانہ اور متوازن نمائندگی کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ یو این ویمن گلوبل میڈیا کمپیکٹ دعوت کی بنیاد پر قائم ایک رضا کارانہ اتحاد ہے، جس میں شرکت کے لیے کوئی معاوضہ نہیں لیا جاتا۔ اس کا مقصد میڈیا اداروں کو اپنی ادارتی پالیسیوں، رپورٹنگ اور عوامی رابطوں میں صنفی مساوات کو شامل کرنے کی ترغیب دینا ہے۔ اس شراکت داری کے ذریعے جیو نیوز بھی اس عالمی کوشش کا حصہ بن گیا ہے جس کا مقصد ایسی میڈیا کوریج کو فروغ دینا ہے جو خواتین اور لڑکیوں کے تجربات اور خدمات کی عکاسی کرنے کے ساتھ ساتھ امتیازی سلوک اور عدم مساوات جیسے مسائل کو بھی اجاگر کرے۔ پاکستان میں یو این ویمن کی ڈپٹی کنٹری نمائندہ فہمیدہ اقبال خان نے کہا، "ذرائع ابلاغ کن موضوعات کو کوریج دیتے ہیں اور کن افراد کو اظہار خیال کے لیے مدعو کرتے ہیں، اس سے یہ تشکیل پاتا ہے کہ معاشرہ خواتین اور لڑکیوں کو کس نظر سے دیکھتا ہے۔

بقیہ نمبر 30 «قوم کی آواز»

کی بڑی تعداد کی آمد کے پیش نظر بدین پولیس نے جیب کتروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 10 مبینہ ملزمان کو گرفتار کر لیا، جن کے قبضے سے چوری شدہ 15 موبائل فون برآمد کیے گئے ہیں۔ سمن سرکار کے میلے میں پنجاب سمیت سندھ کے مختلف اضلاع سے ہزاروں زائرین اور عقیدت مند شرکت کے لیے پہنچتے ہیں۔ میلے میں لوگوں کی بڑے ہجوم کے باعث جیب تراشی کے واقعات کا خدشہ رہتا ہے، جس کے پیش نظر پولیس نے زائرین کے تحفظ اور امن وامان برقرار رکھنے کے لیے کارروائی کی۔ سی آئی اے بدین کے انچارج انسپکٹر علن خان عباسی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ میلے کے مختلف مقامات پر کارروائیاں کرتے ہوئے مبینہ جیب تراشوں کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کا تعلق سندھ کے مختلف اضلاع سے ہے۔ گرفتار ملزمان میں غلام شبیر باریجو، علی اصغر کھوسو، نیاز احمد ابڑو، سہراب باریجو، عامر علی سیال، ندیم ابڑو، پرویز علی چانڈیو، محمود ساگر چنو، شاہد علی رند پنجابی اور مٹھل خان تنیو شامل ہیں۔ پولیس نے برآمد ہونے والے موبائل فونز کی بنیاد پر گرفتار ملزمان کے خلاف تھانہ پنگریو میں چوری کے مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 31 «قوم کی آواز»

مجسٹریٹ کی عدالت سے درخواست ضمانت مسترد ہونے کے بعد سیشن عدالت شرقی سے رجوع کیا تھا اور ضمانت پر رہائی کی استدعا کی تھی۔ ذرائع کے مطابق افرار الحسن اس مقدمے میں عدالتی ریمانڈ پر جیل میں ہیں۔ سیشن عدالت کی جانب سے درخواست ضمانت مسترد کیے جانے کے بعد ان کی رہائی ممکن نہیں ہو سکی۔

بقیہ نمبر 32 «قوم کی آواز»

چین کی کمپنی ووکسی شینگ باؤ وہیکل مینوفیکچرنگ کمپنی لمیٹڈ (Wux Co. Manufacturing Vehicle Shengbao Ltd.) کے درمیان مشترکہ منصوبے شروع کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس تعاون سے سرمایہ کاری، روزگار اور برآمدات کے فروغ کے نئے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں۔ چیمبر ہاؤس اسلام آباد میں چینی کاروباری وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے، جس کی قیادت مسٹر یانگ زونگ کر رہے تھے، آئی سی سی آئی کے صدر نے کہا کہ پاکستان میں الیکٹرک موٹر سائیکلوں، اسکوٹرز اور سائیکلوں کی تیاری کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے چینی کمپنی پر زور دیا کہ وہ پاکستانی کاروباری اداروں کے ساتھ مل کر موٹر سائیکلوں کی اسمبلنگ اور مینوفیکچرنگ، ٹیکنالوجی کی منتقلی، تحقیق و ترقی اور پرزہ جات کی بتدریج مقامی تیاری کے شعبوں میں تعاون کرے۔ وفد میں چینگ زونگ، چنگ زونگ اور محمد عارف بھی شامل تھے۔ محمد ذکریا اکبر ضیاء نے کہا کہ پاکستان اور چین کے معاشی تعاون کو تیار شدہ مصنوعات کی درآمد و فروخت تک محدود رکھنے کے بجائے پائیدار صنعتی شراکت داری کی جانب بڑھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرک موٹر سائیکلوں اور دیگر دو پہیوں والی گاڑیوں کی مقامی تیاری سے تیار شدہ گاڑیوں کی درآمد پر انحصار کم کرنے، ملکی سپلائی چین مضبوط بنانے، تکنیکی مہارتوں کو فروغ دینے اور نوجوانوں کے لیے ہنرمندانہ روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 33 «قوم کی آواز»

دے رہی۔ اگر جے یو آئی نے احتجاج کرنا ہوتا تو اب تک کر چکی ہوتی۔ پارٹی کارکنان اور دیگر افراد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے منظور وسان نے کہا کہ انہیں عمران خان اور ان کی جماعت سے توقع نہیں تھی کہ وہ اتنی جلدی نئے صوبوں کے قیام کی حمایت کا اعلان کر دیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی اپنی تاریخ اور شناخت ہے، اس لیے اسے دیگر صوبوں کے ساتھ ملا کر نہیں دیکھا جا سکتا۔ سندھ کے عوام اور سندھ اسمبلی نئے صوبوں کے قیام کی تجویز مسترد کر چکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبوں کے نام تبدیل کرنا ملک کے لیے فائدہ مند نہیں ہے۔ منظور وسان نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہاں گورنر کا تعلق پیپلز پارٹی سے ہے، تاہم گورنر راج نافذ کرنے کا فیصلہ وزیر اعظم شہباز شریف نے کیا۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر بات کرتے ہوئے پیپلز پارٹی کے رہنما نے کہا کہ پیٹرول مہنگا ہونے سے اشیائے خورد و نوش سمیت دیگر ضروری اشیا کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ پیٹرول پر عائد لیوی ختم کر کے عوام کو ریلیف فراہم کرے۔ ملاقات کے دوران سیاسی صورتحال، نئے صوبوں کے قیام کی بحث اور مہنگائی سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 34 «قوم کی آواز»

پولیس نے تھانہ اورنگی ٹاؤن کی حدود میں گبول کالونی اور ملحقہ علاقوں میں سرچ آپریشن کیا۔ پولیس کے مطابق آپریشن ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی اور علاقے میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے کیا گیا۔ آپریشن سے قبل علاقے کے داخلی اور خارجی راستوں کو بند کیا گیا، جس کے بعد مشتبہ مقامات کی تلاشی لی گئی۔ اس دوران بائیو میٹرک سرچ ڈیوائس کی مدد سے متعدد مشتبہ افراد کی شناخت اور کوائف کی تصدیق بھی کی گئی۔ سرچ آپریشن ایس ڈی پی او اورنگی ٹاؤن کی نگرانی میں کیا گیا، جس میں ایس ایچ او اورنگی ٹاؤن، پولیس نفری، لیڈیز پولیس اہلکاروں اور انٹیلیجنس اسٹاف نے حصہ لیا۔ پولیس حکام کے مطابق آپریشن کا مقصد علاقے میں امن وامان برقرار رکھنا، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا اور جرائم پیشہ عناصر کی نشاندہی کر کے انہیں گرفتار کرنا ہے۔ ڈسٹرکٹ ویسٹ کے مختلف علاقوں میں جرائم کے خاتمے کے لیے ایسی کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 35 «قوم کی آواز»

فیسٹیول آذربائیجان 2026 کے آخری میچ میں ٹونگا کو 1-6 سے شکست دے کر ایونٹ کا اختتام شاندار فتح کے ساتھ کیا۔ اگرچہ قومی ٹیم مرکزی گروپ مرحلے سے آگے نہ بڑھ سکی، تاہم آخری مقابلے میں بڑی کامیابی نے نوجوان کھلاڑیوں کے حوصلے بلند کر دیے۔ ٹونگا کے خلاف میچ میں پاکستانی کھلاڑیوں نے عمدہ کھیل پیش کیا اور حریف ٹیم کو واضح برتری حاصل نہ کرنے دی۔ کلیم اللہ خان سمیت دیگر کھلاڑیوں نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا، جبکہ ٹیم نے جارحانہ کھیل کے ذریعے 6 گول اسکور کر کے اپنی صلاحیتوں کا اظہار کیا۔ پاکستان نے ایونٹ کا آغاز گیمبیا کے خلاف میچ سے کیا، جس میں اسے 2-4 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ اس مقابلے میں امیر حمزہ اور بخشی جمال خان نے ابتدائی مرحلے میں گول اسکور کیے۔ بعد ازاں قومی ٹیم کو جنوبی سوڈان کے خلاف 0-4 سے شکست ہوئی، تاہم کھلاڑیوں نے ہمت برقرار رکھی اور اردن اور نائیجیریا کے خلاف سخت مقابلوں میں ایک، ایک گول سے میچ برابر کیے۔ قومی ٹیم نے ٹونگا کے خلاف 1-6 کی فیصلہ کن کامیابی حاصل کر کے ٹورنامنٹ میں اپنے سفر کا اختتام مثبت انداز میں کیا۔ ایونٹ کے دوران نوجوان کھلاڑیوں کو بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتیں دکھانے اور تجربہ حاصل کرنے کا موقع ملا۔ بیٹر فیوچر پاکستان کے تین باصلاحیت کھلاڑیوں محمد سلمان، بخشی جمال خان اور اولیس فیض کی قومی اسکواڈ میں شمولیت بھی ٹیم کے لیے اہم اعزاز قرار دی جا رہی ہے۔ بیٹر فیوچر پاکستان نوجوان پاکستانی فٹبال ٹیلنٹ پر مشتمل ٹیم ہے، جس کا مقصد کھلاڑیوں کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ اے سی ایم گروپ اور سین پرافٹ بیٹر فیوچر پاکستان کے لیڈ اسپانسرز ہیں۔ اے سی ایم گروپ کے چیئرمین فرحان پردیسی بیٹر فیوچر پاکستان کے پیٹرن ان چیف ہیں، جبکہ عرفان پردیسی سی ای او، عرفان میمن صدر اور صالح محمد غازیانی چیئرمین کی حیثیت سے ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں۔ پاکستانی ٹیم کی کامیابی پر اے سی ایم گروپ اور سین پرافٹ کے چیئرمین فرحان پردیسی اور سی ای او عرفان میمن نے قومی اسکواڈ کو مبارکباد دی اور ٹونگا کے خلاف شاندار فتح کو سراہا۔

بقیہ نمبر 36 «قوم کی آواز»

میں ملوث افراد، مفرور اور اشتہاری ملزمان شامل ہیں۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، منشیات، مضر صحت گٹکا ماوا اور دیگر سامان برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ پولیس کے مطابق ڈی آئی جی ایسٹ زون اور ایس ایس پی ضلع ملیر کی ہدایات پر ایس ایچ او ملیر سٹی انسپکٹر حاجی محمد اسحاق نے پولیس ٹیم کے ہمراہ علاقے میں گشت، اسنیپ چیکنگ، بروقت اطلاع اور مخبر خاص کی نشاندہی پر مختلف کارروائیاں کیں۔ کارروائیوں کے دوران دو مختلف مقامات پر پولیس مقابلے ہوئے، جن میں ایک زخمی مبینہ ڈکیت سمیت چار ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ اس کے علاوہ ڈکیتی اور اسٹریٹ کرائم میں ملوث گروہوں کے مزید سات مبینہ ملزمان کو حراست میں لیا گیا۔ پولیس نے ان کے قبضے سے چار پستول، چار میگزین، 18 کارتوس اور وارداتوں میں چھینا یا لوٹا گیا سامان برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے چھ ملزمان کو گرفتار کیا، جن کے قبضے سے دو کلو 615 گرام چرس اور 96 گرام آئس برآمد ہوئی۔ اسی طرح گٹکا ماوا سپلائی کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے ایک مبینہ سپلائر کو گرفتار کر کے چھ کلو 400 گرام مضر صحت گٹکا ماوا قبضے میں لے لیا گیا۔ ملیر سٹی پولیس نے جوئے اور سٹے کے خلاف کارروائی کے دوران دو مبینہ ماسٹر مائنڈز کو بھی گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے آلات قمار بازی اور داؤ پر لگی رقم برآمد کی گئی۔ مزید کارروائیوں میں مختلف مقدمات میں پولیس کو مطلوب اور دیگر جرائم میں مبینہ طور پر ملوث 10 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، جبکہ پیشہ ور گداگروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تین افراد کو بھی حراست میں لیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق علاقے میں جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دوسری جانب علاقہ معززین نے ایس ایچ او ملیر سٹی انسپکٹر حاجی محمد اسحاق کی کمیونٹی پولیسنگ اور جرائم کی روک تھام کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ نمبر 37 «قوم کی آواز»

ٹورنامنٹ کے فائنل میں زون 6 بلوز نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے زون 1 وائٹس کو 7 وکٹوں سے شکست دے کر ٹرافی اپنے نام کر لی۔ فاتح ٹیم کی کامیابی میں طلحہ آفریدی نے اہم کردار ادا کیا، جنہوں نے پہلے بولنگ میں 6 وکٹیں حاصل کیں اور بعد ازاں بیٹنگ کرتے ہوئے ناقابل شکست نصف سنچری اسکور کی۔ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب اور تقسیم انعامات میں میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر زاہد حسین بھٹی مہمان خصوصی تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے زاہد حسین بھٹی نے کہا کہ میڈی کیم گروپ آف کمپنیز نوجوان کرکٹرز کی ہر سطح پر حوصلہ افزائی جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ جب وہ خود کرکٹ کھیلا کرتے تھے، اس وقت سے ادارے کے چیئرمین خلیل احمد ننی تال والا ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے ساتھ تعاون کرتے اور ٹیلنٹ ہنٹ پروگرامز کی سرپرستی کرتے آ رہے ہیں۔ ان کے مطابق مستقبل میں بھی نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے مواقع فراہم کرنے میں تعاون جاری رکھا جائے گا۔ تقریب کے صدر اور ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے سیکریٹری علی حسین نے میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان ٹورنامنٹس کے انعقاد سے نئے اور باصلاحیت کھلاڑی سامنے آ رہے ہیں، جو کراچی کی کرکٹ کے مستقبل کے لیے خوش آئند ہے۔

بقیہ نمبر 38 «قوم کی آواز»

محفوظ اور ذمہ دارانہ استعمال کے بارے میں آگاہی دی جائے گی۔ پروگرام کی افتتاحی تقریب زندگی ٹرسٹ کے زیر انتظام ایس ایم بی فاطمہ جناح گورنمنٹ اسکول کراچی میں ہوئی، جس میں سندھ حکومت کے نمائندوں، اساتذہ، والدین اور طلبہ نے شرکت کی۔ پروگرام کے تحت 13 سے 18 سال کے نوجوانوں اور ان کے والدین کے لئے عملی تربیتی نشستیں منعقد کی جائیں گی، جبکہ دربین اپنے اساتذہ کی تربیت کے نصاب میں بھی آن لائن تحفظ کو شامل کرے گا۔ ان نشستوں میں آن لائن دھوکا دہی، غلط معلومات، بچوں کا تحفظ اور مصنوعی ذہانت سے پیدا ہونے والے نئے سوالات جیسے موضوعات زیر بحث آئیں گے۔ سندھ کے وزیر آئی ٹی علی راشد نے کہا کہ ڈیجیٹل تبدیلی کا مقصد محض لوگوں کو ٹیکنالوجی سے جوڑنا نہیں، بلکہ انہیں اس کے محفوظ، ذمہ دارانہ اور مؤثر استعمال کے قابل بنانا بھی ہے۔ ان کے مطابق ڈیجیٹل سندھ کی جانب پیش رفت کے لئے نوجوانوں، والدین اور اساتذہ کو ڈیجیٹل خواندگی اور آن لائن تحفظ کی مہارتیں دینا ضروری ہے۔ زندگی ٹرسٹ کے بانی و صدر شہزاد رائے نے کہا کہ ان کا ادارہ بچوں کو عالمی سطح پر مقابلے کے لئے تیار کرنے کے اقدامات کرتا رہا ہے اور میٹا کے ساتھ یہ اشتراک بچوں کو ڈیجیٹل دنیا میں محفوظ اور پر اعتماد انداز میں آگے بڑھنے میں مدد دے گا۔ دربین کی چیف ایگزیکٹو آفیسر سلمیٰ عالم نے کہا کہ اساتذہ کو طلبہ کی رہنمائی کرنے سے پہلے خود آن لائن تحفظ کے بارے میں سیکھنا ضروری ہے۔ اسی مقصد کے تحت دربین نے اس موسم خزاں میں گورنمنٹ ایلیمنٹری کالج آف ایجوکیشن، حسین آباد کے بی ایڈ سال اول کے ڈیجیٹل لٹریسی کورس میں آن لائن تحفظ کا باقاعدہ ماڈیول شامل کیا ہے۔ یہ ادارہ سندھ حکومت کے ساتھ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ منصوبے کے تحت کام کر رہا ہے۔ میٹا کے ایشیا پیسفک میں پروڈکٹ پالیسی کے ڈائریکٹر فلپ چوانے کہا کہ نوجوانوں کو آن لائن محفوظ رکھنا سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ میٹا اس مقصد کے لئے حفاظتی سہولتیں فراہم کرتا ہے، جبکہ زندگی ٹرسٹ اور دربین کو سندھ کی کمیونٹیز میں اعتماد اور رسائی حاصل ہے۔

بقیہ نمبر 39 «قوم کی آواز»

کے مطابق ٹیکس کے بعد 15.07 بلین روپے جبکہ مجموعی مالیاتی حسابات کے مطابق ٹیکس کے بعد 25.49 بلین روپے کا خالص منافع حاصل کیا۔ کمپنی نے شیئر ہولڈرز کو فی حصص 10 روپے تک نقد منافع دینے کی سفارش کی۔ عالمی سپلائی چین میں کشیدگی اور بڑھتے ہوئے مالیاتی دباؤ کے باوجود پی ایس او نے اپنے انرجی کی خریداری کے مختلف ذرائع اور سپلائی کے نظام کو مضبوط بنا کر ملک بھر میں توانائی کی بلا تعطل فراہمی جاری رکھی۔ کمپنی کی مجموعی آمدن 3.25 ٹریلین روپے رہی، جبکہ آئل مارکیٹنگ کے کاروبار سے حاصل ہونے والے مجموعی منافع میں 20.5 فیصد اضافے سے 81.9 بلین روپے تک پہنچ گئی۔ پی ایس او نے مارکیٹ میں اپنی برتری بھی برقرار رکھی اور ہوابازی کے شعبے میں 99.2 فیصد حصص حاصل کر کے 363.5 ملین ڈالر کا زرمبادلہ کمایا۔ سال کے دوران پی ایس او نے قابل تجدید توانائی، ڈیجیٹلائزیشن، ریٹیل نیٹ ورک میں توسیع اور الیکٹرک گاڑیوں کے لیے چارجنگ انفراسٹرکچر کے ذریعے کاروباری سرگرمیوں میں تبدیلی لانے کی کوششیں جاری رکھیں۔ کمپنی نے توانائی کے شعبے کے اہم بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں پر بھی پیش رفت کی، جن میں آپریشنل تحفظ اور پائیداری پر خصوصی توجہ برقرار رکھی گئی۔ اس دوران 53.87 ملین روپے سے زائد محفوظ انفرادی واقعات کے باوجود جوڈیشل کارروائی کے باعث پیش نہیں آئے۔ پی ایس او نے اپنے ملازمین اور معاشرے کی فلاح و بہبود کے لیے صحت، تعلیم، کمیونٹی کی ترقی اور سیلاب متاثرین کی امداد کے لیے 665 ملین روپے خرچ کیے۔ اجلاس میں انتظامیہ نے شیئر ہولڈرز کے سوالات کے جوابات دیے اور پاکستان کی توانائی ضروریات کے تحفظ کے ساتھ پائیدار ترقی کے لیے پی ایس او کے عزم اور حکمت عملی کا اعادہ کیا۔ اجلاس میں شیئر ہولڈرز نے کمپنی کی مسلسل کارکردگی اور ترقی پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان کی توانائی کی ضروریات کے تحفظ، منافع میں اضافے اور بہتر نتائج کے حصول کے لیے کمپنی کی کاوشوں کو سراہا

بقیہ نمبر 40 «قوم کی آواز»

وہ ایک واضح پیغام کے ساتھ پورٹ گرینڈ کی جانب روانہ ہوئے کہ پولیو کے خاتمے کے لیے پوری کمیونٹی کی فعال شرکت اور مستقل عزم ضروری ہے۔ اس تقریب میں روٹری کی جانب سے پولیو سے متعلق آگاہی کے لیے طویل عرصے سے جاری کوششوں اور حکومت و بین الاقوامی صحت کی تنظیموں کے ساتھ مسلسل تعاون کو اجاگر کیا گیا۔ تقریب میں ممتاز مہمانوں اور رہنماؤں نے شرکت کی، جن میں اقبال میمن، ایڈیشنل چیف سیکریٹری عزیز میمن، نیشنل پولیو پلس کمیٹی کے چیئرمین ڈاکٹر جارج جی کاراوٹا، یونیسیف ٹیم کے سربراہ جاوید نبی کھوسو، ڈپٹی کمشنر ساؤتھ شہزاد صابر، روٹری ڈسٹرکٹ گورنر پی ڈی جی ڈاکٹر فرحان عیسیٰ، پی ڈی جی آفتاب امام اور ڈی جی ای فہد سکندر شامل تھے۔ اس موقع پر روٹری کے ارکان، شراکت دار تنظیموں کے نمائندوں، سائیکلنگ گروپ کے رہنماؤں اور کمیونٹی کے افراد نے بھی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے معزز مہمانوں نے پاکستان سے پولیو کے خاتمے کے لیے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 41 «قوم کی آواز»

اوڈھو اور ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری کے چیف ایگزیکٹو آفیسر پروفیسر ڈاکٹر فرحان عیسیٰ عبداللہ نے شرکت کی۔ مفاہمتی یادداشت پر آئی جی سندھ اور ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے دستخط کیے۔ تقریب میں ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز اور ویلفیئر، آئی جی پی میڈیا و تعلقات عامہ کے نمائندے بھی موجود تھے۔ معاہدے کے تحت سندھ پولیس کے افسران، اہلکاروں اور ان کے اہل خانہ کو خصوصی رعایت پر طبی اور تشخیصی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ اس کے علاوہ طبی اسکریننگ، بروقت تشخیص اور صحت سے متعلق آگاہی کے پروگراموں کو فروغ دینے کے لیے مشترکہ اقدامات کیے جائیں گے، تاکہ بیماریوں کی بروقت تشخیص اور روک تھام میں مدد مل سکے۔ آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے کہا کہ پولیس افسران اور جوان شب و روز عوام کے تحفظ کے لیے خدمات انجام دیتے ہیں، اس لیے ان کی صحت اور فلاح و بہبود کا خیال رکھنا ادارے کی اہم ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اہلکاروں اور ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کی جانب سے ایک اہم قدم اٹھایا گیا ہے۔ سندھ حکومت کی جانب سے ہیلتھ انشورنس کے ذریعے پولیس افسران اور جوانوں کو 10 لاکھ روپے تک علاج کی سہولت بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سندھ پولیس اپنے ملازمین اور ان کے اہل خانہ کی طبی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے صحت کے شعبے میں شراکت داری کو فروغ دے رہی ہے، تاکہ طبی سہولیات تک رسائی مزید بہتر اور مؤثر بنائی جا سکے۔ پروفیسر ڈاکٹر فرحان عیسیٰ عبداللہ نے کہا کہ ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری ملک بھر میں ایک ہزار سے زائد لیبارٹری مراکز کے ذریعے خدمات فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے سندھ پولیس کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ پولیس اہلکاروں کی صحت اور طبی سہولیات تک رسائی کو بہتر بنانے کے لیے تعاون جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ پولیس کی جانب سے امن وامان کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے کی جانے والی کوششیں قابل تحسین ہیں۔ معاہدے کے تحت دونوں اداروں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پولیس خاندانوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے، صحت سے متعلق آگاہی اور بیماریوں کی بروقت تشخیص کے لیے تعاون کو مزید مستحکم کیا جائے گا

بقیہ نمبر 42 «قوم کی آواز»

مولانا صاحب نے اداروں کے حوالے سے غلاظت کہی۔ کامران مرتضیٰ نے وزیر داخلہ کے الفاظ پر اعتراض کیا، محسن نقوی نے کہا کہ جب تک یہ ریاست سے مال لے لیں ریاست اچھی ہوتی ہے، جب مال نہ ملے تو پھر خلاف ہو جاتے ہیں، یہ تنقید کرتے ہیں تو جواب سننے کا حوصلہ بھی رکھیں، یہ اسلام کو بزنس کے لئے اور سیاست کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ جے یو آئی کافی دنوں سے میرے اوپر تبصرے کر رہی ہے، میں ذاتی طور پر مولانا فضل الرحمان کا دل سے احترام اور عزت کرتا تھا، لیکن کل جب انہوں نے کہا کہ میں ریاست پر تھوکتا ہوں، وہ احترام ختم ہو گیا، انہوں نے احترام کی گنجائش نہیں چھوڑی، انہوں نے وزیر دفاع سے سوال کیا کہ دفاعی معاملہ تھا تو آپ کیوں نہیں گئے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ میرے اوپر اعتراض کیا کہ میں کیوں گیا تھا تو وہ دفاعی معاہدہ نہیں تھا، ایران کا جو دورہ تھا وہ کسی صورت دفاعی معاہدے کے لیے نہیں تھا، ان کی مثال وہ ہے کہ اگر ان کو حکومت میں حصہ ملے تو سب ٹھیک اور اگر حکومت میں کوئی کردار نہیں ہے تو مخالف باتیں شروع کر دیں۔ وزیر داخلہ کے خطاب کے دوران اپوزیشن نے ہنگامہ آرائی کی جب کہ محسن نقوی نے کہا کہ اب آپ کو ریاست سے پیسے اور نوکری نہیں ملتی، یہ لوگ گورنر راج سے پہلے کہتے تھے ہماری ان سے جان چھڑوائیں، جب یہ ریاست کو نچوڑیں تو ان کی ماں ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر 43 «قوم کی آواز»

مطابق ملزم کے قبضے سے اسلحہ، موٹر سائیکل، پولیس یونیفارم، ہتھکڑی اور دیگر سامان برآمد کیا گیا ہے۔ ترجمان ڈسٹرکٹ کیماڑی پولیس کے مطابق سائٹ ایریا میں لیبر اسکوائر کے قریب پولیس اہلکار دوران گشت موجود تھے کہ اس دوران پولیس کی وردی پہنے موٹر سائیکل پر گشت کرنے والے ایک شخص کو روک کر اس سے معلومات حاصل کی گئیں۔ جانچ پڑتال کے دوران مذکورہ شخص جعلی پولیس اہلکار نکلا، جسے فوری طور پر حراست میں لے لیا گیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت شیخ اسحاق کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزم کے قبضے سے اسلحہ، 125 موٹر سائیکل، پولیس یونیفارم، ہتھکڑی اور دیگر سامان برآمد کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، جبکہ مزید تفتیش کے لیے اسے انویسٹی گیشن پولیس کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ پولیس اس بات کا تعین کرنے کے لیے تحقیقات کر رہی ہے کہ ملزم پولیس کی وردی پہن کر کس مقصد کے تحت گشت کرتا تھا اور آیا وہ کسی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث رہا ہے یا نہیں۔

بقیہ نمبر 44 «قوم کی آواز»

ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز، نقد رقم اور موٹر سائیکلیں برآمد کی گئی ہیں، جبکہ زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پاپوش نگر پولیس کی بخش کالونی میں مبینہ مقابلہ ہوا، جس کے دوران ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ چھیپا حکام کے مطابق زخمی ملزم کی شناخت ذیشان عرف کالا شانی کے نام سے ہوئی، جسے طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے اسلحہ بھی برآمد ہوا ہے۔ دوسری جانب اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ (ایس آئی یو) نے نمائش کے قریب جناح گراؤنڈ میں کارروائی کے دوران مبینہ مقابلے کے بعد دو ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ چھیپا حکام کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت محمد سجاد اور محمد ایاز کے نام سے ہوئی، جنہیں طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز اور نقد رقم برآمد ہوئی ہے۔ ادھر اسٹیل ٹاؤن پولیس نے بھی مبینہ مقابلے کے دوران دو ملزمان کو گرفتار کر لیا، جن میں سے ایک زخمی ہے۔ چھیپا حکام کے مطابق زخمی ملزم کی شناخت صالح جبکہ دوسرے ملزم کی شناخت بھورل تج کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز، نقد رقم اور ایک موٹر سائیکل برآمد کی گئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، جبکہ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش کی جا رہی ہے تاکہ ان کے مبینہ جرائم اور دیگر ساتھیوں سے متعلق معلومات حاصل کی جا سکیں۔

بقیہ نمبر 45 «قوم کی آواز»

کیا گیا۔ یہ پائلٹ منصوبہ خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری کی ہدایات پر شروع کیا جا رہا ہے، جو خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے لیے ان کے عزم کا عکاس ہے۔ اس اقدام کے تحت دونوں اضلاع میں سے ہر ایک کی 25 خواتین کو تین ماہ پر مشتمل مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ تکنیکی اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جائے گی، تاکہ ان کی ملازمت حاصل کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہو اور انہیں خود روزگار کے مواقع میسر آ سکیں۔ سینیٹر روبینہ خالد نے بی آئی ایس پی کے لیے خاتون اول کی مسلسل معاونت کو سراہا، بالخصوص بینظیر ہنرمند پروگرام (BHP) کے لیے، جس کا مقصد سماجی تحفظ کو ہنرمندی کی ترقی اور پائیدار ذرائع معاش کے مواقع سے منسلک کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 46 «قوم کی آواز»

دوست پالیسیوں کو فروغ دیا جائے۔ وزیر اعظم شہباز شریف، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی تاجروں کے مسائل کا فوری نوٹس لیں اور ٹیکس پالیسیوں پر نظرثانی کی جائے تاکہ کاروباری سرگرمیاں جاری رہیں، روزگار کے مواقع محفوظ ہوں اور ملکی معیشت مستحکم ہو سکے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے سابق صدر اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز احسن ظفر بختاوری سے ملاقات میں بات چیت کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ اگر حکومت نے تاجروں پر مزید ٹیکس عائد کیے تو کاروباری سرگرمیاں متاثر ہوں گی، مارکیٹوں میں کاروبار بند ہونے کا خدشہ بڑھے گا اور اس کا براہ راست نقصان ملکی معیشت کو پہنچے گا۔ کیا۔ انہوں نے کہا کہ تاجر پہلے ہی مہنگائی، بجلی و گیس کے بھاری بلوں اور مختلف ٹیکسوں کے دباؤ کا سامنا کر رہے ہیں۔ ایسے حالات میں مزید ٹیکس عائد کرنا کاروباری طبقے کے لیے مشکلات میں اضافے کا باعث بنے گا۔ حکومت تاجروں کو ریلیف فراہم کرے، ٹیکس نظام کو آسان اور شفاف بنائے اور مشاورت کے ذریعے ایسی پالیسیاں تشکیل دے جو کاروبار اور سرمایہ کاری کے فروغ میں معاون ثابت ہوں۔ ظاہر محمود عباسی نے کہا کہ تاجر ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، اس لیے ان کے لیے آسانیاں پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ حکومت اور تاجر برادری کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی مشاورت ہی معاشی ترقی اور کاروباری استحکام کی ضمانت بن سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 47 «قوم کی آواز»

تیز کرتے ہوئے رواں سال تقریباً 30 سے 40 خواتین کو مختلف ایئرپورٹس پر بیرون ملک روانگی سے روک دیا، جبکہ انسانی اسمگلنگ سے متعلق تقریباً 2 ہزار انکوائریز اور شکایات پر کارروائی شروع کی گئی ہے۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر بھی کارروائیاں کی جا رہی ہیں تاکہ انسانی اسمگلنگ اور استحصال کی کوششوں کو بروقت ناکام بنایا جا سکے۔ ایف آئی اے کے ڈپٹی ڈائریکٹر میاں اجمل نے اے آر وائی نیوز سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ادارہ انسانی اسمگلنگ کے خلاف صرف شکایات موصول ہونے پر کارروائی نہیں کرتا بلکہ خفیہ معلومات کی بنیاد پر بھی مشتبہ نیٹ ورکس کی نگرانی اور کارروائیاں کی جاتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اس حکمت عملی کا مقصد جرائم کو وقوع پذیر ہونے سے پہلے روکنا اور متاثرہ افراد کو محفوظ بنانا ہے۔ میاں اجمل کے مطابق ایک کارروائی کے دوران ایجنٹوں کے ایسے منصوبے کا انکشاف ہوا جس کے تحت پنجاب سے نوجوانوں کو کراچی لایا گیا۔

بقیہ نمبر 48 «قوم کی آواز»

ڈانو دھاندل کے مقام پر ایمبولینس میں آکسیجن سلنڈر پھٹنے سے ہونے والے دھماکے اور آتشزدگی کے نتیجے میں 9 افراد جاں بحق جبکہ 4 زخمی ہو گئے۔ حادثے کے نتیجے میں ایمبولینس مکمل طور پر تباہ ہو گئی۔ واقعے پر صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور وزیر داخلہ و قانون سندھ ضیاء الحسن لنجار نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے تحقیقات اور زخمیوں کو فوری طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق ڈی ایچ کیو اسپتال ڈانو دھاندل کی ایمبولینس میں مریضوں کو مٹھی منتقل کیا جا رہا تھا۔ اسی دوران مریضوں کو آکسیجن فراہم کرنے کے لیے سلنڈر استعمال کرنے کی کوشش کی گئی جو اچانک دھماکا ہو گیا، جس کے بعد ایمبولینس میں آگ بھڑک اٹھی۔ دھماکے کے نتیجے میں ایمبولینس مکمل طور پر جل کر تباہ ہو گئی۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثے میں جاں بحق ہونے والوں میں دو خواتین سمیت متعدد افراد شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 49 «قوم کی آواز»

ہے۔ موسمیاتی تبدیلی نہ صرف ایک خطرہ ہے بلکہ معیشت کو بھی شدید نقصان پہنچا رہی ہے۔ ملک کو ایک سرسبز، لچکدار معیشت کو ن آئیڈیاز، ن ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری کی ضرورت ہے۔ پاکستان میں کام کرنے والی کمپنیاں ملک کی موسمیاتی معیشت کی تعمیر کر رہی ہے۔ حکومت تنہا اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی پبلک فنڈ بھی محدود ہیں۔ نجی سرمایہ لانے کے لیے شدید محنت اور دانشمندی کی ضرورت ہے۔ سندھ کو موسمیاتی خطرات کا سامنا ہے لیکن ہمارے پاس صاف توانائی، پانی، فضلہ، زراعت اور انفراسٹرکچر موجود ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کو حقیقی سرمایہ کاری کے قابل منصوبوں میں بدلنے کی اشد ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 50 «قوم کی آواز»

منظم تربیت ہے، جس میں مختلف شعبوں میں عملی تجربے اور اسٹریٹجک رہنمائی کے ذریعے مستقبل کے بینکاری رہنماؤں کو تیار کرنے کا سلسلہ جاری رکھا گیا ہے۔ الفلاح لیڈ مینجمنٹ ٹرینی پروگرام 2026 کے لیے پاکستان اور بیرون ملک کی جامعات سے فارغ التحصیل امیدواروں کو درخواستیں جمع کرانے کی دعوت دی گئی تھی۔ اس پروگرام میں کامیابی کا معیار سخت رکھا گیا ہے۔ (تحریری مواد کے مطابق) 3,912 امیدواروں نے رجسٹریشن کروائی، جو حالیہ برسوں میں ریکارڈ کی گئی سب سے زیادہ تعداد ہے۔ ایک جامع اور سخت انتخابی عمل کے بعد ان 19 امیدواروں کو منتخب کر کے الفلاح لیڈ مینجمنٹ ٹرینی پروگرام 2026 میں شامل کیا گیا ہے۔ نوجوان اور ابھرتے ہوئے باصلاحیت افراد بینک الفلاح میں بینکاری کے مستقبل کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں


بقیہ نمبر 51 «قوم کی آواز»

سے جی آئی زیڈ کی پراجیکٹ ڈائریکٹر یولیا بازینوا کی سربراہی میں وفد نے ملاقات کی، جس میں صوبے کے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو ماحولیاتی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور صنعتوں کو درپیش مسائل کے قابل عمل حل تلاش کرنے کے لیے باہمی تعاون پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں سندھ انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (سیپا) اور جی آئی زیڈ کی تکنیکی ٹیموں کے درمیان رابطہ کاری بڑھانے، ایس ایم ایز کے لیے ماحولیاتی رہنما اصول مرتب کرنے، تکنیکی معاونت فراہم کرنے اور گرین فنانسنگ تک رسائی آسان بنانے کے امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سیکریٹری ماحولیات فیصل احمد عقیلی نے کہا کہ سندھ میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو ماحولیاتی معیار سے ہم آہنگ کرنا اور صنعتی آلودگی کم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس مقصد کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون بڑھانے اور مشترکہ حکمت عملی تیار کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیپا کا کردار صرف ماحولیاتی قوانین پر عمل درآمد یقینی بنانے تک محدود نہیں بلکہ صنعتوں کی رہنمائی اور انہیں ماحولیاتی معیارات اپنانے میں سہولت فراہم کرنا بھی ہے۔ محکمہ صنعتوں کے مسائل کو سمجھتے ہوئے ایسے قابل عمل حل تلاش کرنے میں تعاون کرے گا جن سے صنعتی سرگرمیاں جاری رکھنے کے ساتھ ماحول کا تحفظ بھی ممکن بنایا جا سکے۔ فیصل احمد عقیلی کے مطابق ملاقات میں صنعتی آلودگی میں کمی اور عالمی ماحولیاتی معیارات پر عمل درآمد کے لیے مشترکہ لائحہ عمل تیار کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا، جب کہ ایس ایم ایز کی ضروریات کے مطابق تکنیکی رہنمائی اور مالی معاونت کے امکانات پر تبادلہ خیال ہوا۔ جی آئی زیڈ کی پراجیکٹ ڈائریکٹر یولیا بازینوا نے کہا کہ منصوبے کے تحت سندھ کے 300 چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو مالی اور تکنیکی معاونت فراہم کی جائے گی۔

پی ایس او کا 50 واں سالانہ اجلاس، شیئر ہولڈرز کو بہتر منافع دینے کیلئے پُرعزم

صدارت بورڈ آف مینجمنٹ کے چیئرمین آصف گوہر نے کی، چیف ایگزیکٹو آفیسر جواد احمد چیمہ بھی شریک

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان کی قومی انرجی کمپنی پاکستان اسٹیٹ آئل (پی ایس او) کا 50 واں سالانہ اجلاس عام (اے جی ایم) پی ایس او ہاؤس کراچی میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت بورڈ آف مینجمنٹ کے چیئرمین آصف گوہر نے کی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر جواد احمد چیمہ، بورڈ آف مینجمنٹ کے ارکان اور سینئر انتظامیہ نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ مالی سال 2026 کے دوران پی ایس او نے انفرادی مالیاتی حسابات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)



کراچی میں روٹری ریلی کے ذریعے پولیو سے پاک پاکستان کے عزم کو فروغ

عزیز میمن، اقبال میمن، جاوید نبی کھوسو، شہزاد صابر، ڈاکٹر فرحان عیسیٰ، آفتاب امام، فہد سکندر اور افشاں لالانی کی خاص شرکت

کراچی (بزنس رپورٹر) روٹری انٹرنیشنل ڈسٹرکٹ 3271 کے زیر اہتمام ''لیٹس رائیڈ آؤٹ پولیو'' سائیکل ریلی میں تقریباً 300 سائیکلسٹ، روٹیریئنز، صحت کے شعبے سے وابستہ شراکت داروں اور کمیونٹی کے افراد نے شرکت کی۔ اس ریلی کا مقصد اتحاد اور عوامی حمایت کے ذریعے پاکستان کو پولیو سے پاک بنانے کے عزم کا اظہار کرنا تھا۔ صبح سویرے ہونے والی اس رنگارنگ ریلی کے شرکاء پی آئی ڈی سی پر جمع ہوئے، جہاں سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



سندھ پولیس اور ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری کے درمیان بڑا معاہدہ

آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو اور ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری کے چیف ایگزیکٹو آفیسر پروفیسر ڈاکٹر فرحان عیسیٰ عبداللہ کی خاص شرکت



کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ پولیس اور ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری کے درمیان پولیس افسران، اہلکاروں اور ان کے اہلِ خانہ کو خصوصی رعایت پر طبی و تشخیصی سہولیات فراہم کرنے کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے۔ اس معاہدے کا مقصد پولیس خاندانوں کی فلاح و بہبود، صحت کے تحفظ اور معیاری طبی سہولیات تک رسائی کو بہتر بنانا ہے۔ اس سلسلے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

تاجروں پر ٹیکسوں کا غیر ضروری بوجھ نہ ڈالا جائے، طاہر محمود عباسی

اسلام آباد چیمبر کے سابق صدر احسن ظفر بختاوری سے خصوصی ملاقات، بڑے ٹیکس لگے تو کاروباری سرگرمیاں متاثر ہونگی

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) صدر ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن ای ایلون طاہر محمود عباسی نے کہا ہے کہ تاجروں پر ٹیکسوں کا غیر ضروری بوجھ ڈالنے کے بجائے کاروبار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)



انسانی اسمگلنگ کے خلاف ایف آئی اے کا کریک ڈاؤن 2026 میں 40 خواتین ایئرپورٹس پر روک دی گئیں

کراچی (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی ہجرت کے خلاف کارروائیاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

تھرپارکر میں ایمبولینس کا آکسیجن سلنڈر پھٹنے سے 9 افراد جاں بحق، 4 زخمی، ایمبولینس مکمل تباہ

مٹھی/تھرپارکر (این این آئی) تھرپارکر کے علاقے نگرپارکر میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

بی آئی ایس پی چیئرمین سینیٹر روبینہ خالد کی وحیدہ مہیسر سے خصوصی ملاقات

زیب ٹیک زیبسٹ کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے 50 خاندانوں کو فنی و پیشہ وارانہ تربیت فراہم کرنے پر گفتگو کی

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی)، سینیٹر روبینہ خالد نے زیب ٹیک (ZABTechSZABIST) کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر، وحید مہیسر سے ملاقات کی، جس میں کراچی اور شہید بینظیر آباد میں بی آئی ایس پی سے مستفید ہونے والے خاندانوں کی 50 خواتین کو فنی و پیشہ ورانہ تربیت فراہم کرنے کے لیے ایک پائلٹ منصوبے پر تبادلہ خیال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

کراچی میں پولیس کے مختلف مقابلے، 4 زخمیوں سمیت 5 مبینہ ڈاکو گرفتار

پاپوش نگر، نمائش اور اسٹیل ٹاؤن میں کارروائیاں، ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز، نقد رقم اور موٹر سائیکلیں برآمد، پولیس کا دعویٰ

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس کے مبینہ مقابلوں کے دوران چار زخمیوں سمیت پانچ مبینہ ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

کراچی میں جعلی پولیس اہلکار گرفتار، اسلحہ، وردی اور ہتھکڑی برآمد

سائٹ ایریا میں پولیس کی وردی پہن کر موٹر سائیکل پر گشت کرنیوالا ملزم دھر لیا گیا، ملزم شیخ اسحاق کیخلاف مقدمہ درج

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے سائٹ میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پولیس کی وردی میں ملبوس ایک مبینہ جعلی پولیس اہلکار کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

موسمیاتی تبدیلی ایک خطرہ، معیشت کو شدید نقصان بھی ہوگا، ناصر شاہ

وزیر بلدیات کا کلائمنٹ فنانس ایکسلریٹر انویسٹر روڈ شو کی تقریب سے خطاب، برٹش ڈپٹی ہائی کمشنر اور نجم احمد شاہ شریک



کراچی (بزنس رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ ناصر شاہ کا کلائمنٹ فنانس ایکسلریٹر انویسٹر روڈ شو کی تقریب سے خطاب۔ تقریب سے برٹش ڈپٹی ہائی کمشنر، چیئرمین پی اینڈ ڈی نجم احمد شاہ اور دیگر کمپنیوں کے نمائندوں نے بھی خطاب کیا۔ پاکستان کے لیے موسمیاتی تبدیلی صرف ماحول سے متعلق نہیں ہے۔ یہ ہماری معیشت، کھیتوں، شہروں، بنیادی ڈھانچے اور لوگوں کو نقصان پہنچاتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

بینک الفلاح کے تحت الفلاح لیڈ مینجمنٹ ٹرینی پروگرام کامیاب


صدر وسی ای او عاطف باجوہ کی خصوصی شرکت 2026 میں 19 باصلاحیت افراد شامل ہو گئے

کراچی (بزنس رپورٹر) بینک الفلاح نے الفلاح لیڈ مینجمنٹ ٹرینی پروگرام 2026 میں 19 باصلاحیت افراد کو شامل کیا ہے۔ یہ پروگرام 2015 میں شروع کیا گیا تھا اور اس کا مقصد مستقبل کے بینکاری رہنماؤں کی تیاری ہے۔ بینک کی جانب سے شروع کیا جانے والا یہ پروگرام ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)



سندھ کے 300 چھوٹے و درمیانے کاروباروں کو جرمن ادارے کی جانب سے مالی و تکنیکی معاونت کا اعلان، صنعتی آلودگی میں کمی، گرین فنانسنگ اور عالمی ماحولیاتی معیار پر عمل درآمد کیلئے مشترکہ لائحہ عمل تیار کیا جائے گا، جی آئی زیڈ اور محکمہ ماحولیات سندھ میں اتفاق،

کراچی (این این آئی) جرمن ادارے جی آئی زیڈ (GIZ) نے سندھ میں 300 چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) کو مالی اور تکنیکی معاونت فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے، جس کا مقصد کاروباری اداروں کی استعداد کار میں اضافہ، صنعتی آلودگی میں کمی، عالمی ماحولیاتی معیارات پر عمل درآمد اور ماحول دوست سرمایہ کاری کو فروغ دینا ہے۔ اس حوالے سے سیکریٹری ماحولیات سندھ فیصل احمد عقیلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)



ریاست مخالف بیانات سے فضل الرحمان کی عزت نہیں رہی، اب آپ کو ریاست میں نوکری نہیں ملے گی، محسن نقوی

مولانا نے کہا میں ریاست پر تھوکتا ہوں، مال ملے تو ریاست ان کی ماں ہے اور نہ ملے تو ریاست پر تھوک دو، وزیر داخلہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ میں مولانا فضل الرحمان کی بہت عزت کرتا تھا، ریاست مخالف باتیں کرنے کے بعد میرے دل میں ان کی کوئی عزت نہیں رہی، اب آپ کو ریاست میں نوکری نہیں ملے گی۔ سینیٹ اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ پچھلے کچھ عرصے سے میرے خلاف مہم چل رہی ہے، کہا گیا کہ ہم ایران کوئی دفاعی معاہدہ کرنے گئے تھے، ہم دفاعی معاہدہ کرنے نہیں موجودہ بحران کے سلسلے میں گئے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیر دفاع سے سوال کیا گیا ان کے علم میں نہیں تھا، ان کو اس لئے علم نہیں تھا کہ کیونکہ دفاع سے متعلق بات نہیں ہوئی، وزیر اعظم نے خصوصی ٹاسک دیا اس لئے گیا، مجھے باہر جانے کا شوق نہیں ہے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

Proundup Pakistan

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

ہمارے کھلاڑیوں نے ثابت کیا کہ وہ کسی سے پیچھے نہیں، ایڈیشنل چیف سیکریٹری ہوم اقبال میمن

زاہد حمید، دانش امان، احمر پاشا اور تیمور صدیقی کی جانب سے اقبال میمن اور ان کی اہلیہ عائشہ کے اعزاز میں عشائیے کا اہتمام

بارسلونا سمیت دیگر ممالک میں فٹبال کھلاڑیوں کی تربیت کے لیے مالی مشکلات کو رکاوٹ نہیں بننے دیا جائے گا، اقبال میمن کا عزم

ڈاکٹر حاجی محمد رفیق پردیسی، مسعود ہاشمی، شہزاد صابر، زبیر چھایا، احمر اعظم، ڈاکٹر حامد المشرقی نے اقبال میمن کیلئے کہے اہم کلمات





کراچی (بزنس رپورٹر) ایڈیشنل چیف سیکریٹری ہوم اقبال میمن نے کہا ہے کہ مختلف کھیلوں سے تعلق رکھنے والے ہمارے کھلاڑی کسی سے کم نہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ ان کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے محنت کی جائے، انہیں بہتر تربیت فراہم کی جائے اور ان کی ضروریات کا خیال رکھا جائے۔ ہمارے کھلاڑیوں نے ثابت کیا ہے کہ وہ محدود وسائل اور کم تربیت کے باوجود بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ وہ معروف بزنس مین زاہد حمید کی رہائش گاہ پر اپنے اور اپنی اہلیہ عائشہ کے اعزاز میں منعقدہ عشائیے سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کررہے تھے۔ عشائیے کا اہتمام زاہد حمید، دانش امان، احمر پاشا اور تیمور صدیقی نے اپنی اہلیہ کے ہمراہ کیا تھا۔ تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر میزبان زاہد حمید، دانش امان، زبیر چھایا، ڈاکٹر حامد المشرقی، شہزاد صابر، احمر اعظم، حاجی رفیق پردیسی اور مسعود ہاشمی سمیت دیگر شخصیات نے بھی خطاب کیا اور کھیلوں کے فروغ، نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور فلاحی سرگرمیوں کی اہمیت پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اقبال میمن نے کہا کہ کھیلوں کے فروغ کے لیے ایک طویل سفر طے کرنا پڑا ہے اور اس دوران مختلف چیلنجز کا سامنا بھی کرنا پڑا، تاہم پاکستانی کھلاڑیوں نے اپنی کارکردگی سے ثابت کیا کہ صلاحیتوں کے اعتبار سے وہ کسی سے پیچھے نہیں ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر کھلاڑیوں کو مناسب مواقع، جدید تربیت اور ضروری سہولیات فراہم کی جائیں تو وہ بین الاقوامی سطح پر ملک کا نام روشن کرسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بالخصوص لیاری کے علاقے میں فٹبال، باکسنگ اور سائیکلنگ کے کھیلوں سے دلچسپی رکھنے والے نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کی بڑی تعداد موجود ہے۔ ان نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیتیں ہیں اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرکے مستقبل کے قومی اور بین الاقوامی سطح کے کھلاڑی تیار کیے جاسکتے ہیں۔ ایڈیشنل چیف سیکریٹری ہوم اقبال میمن نے مزید کہا کہ بارسلونا اور دیگر ممالک میں فٹبال کے کھلاڑیوں کو تربیت فراہم کرنے کے لیے مالی مشکلات کو رکاوٹ نہیں بننے دیا جائے گا۔ نوجوان کھلاڑیوں کی تربیت اور ان کی صلاحیتوں میں اضافے کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے تاکہ وہ عالمی سطح پر مقابلہ کرنے کے قابل ہوسکیں۔ تقریب کے دوران اسپورٹس ٹرسٹ سے تعلق رکھنے والے فٹبال کے لڑکوں اور لڑکیوں کی معاونت کے لیے عطیات جمع کرنے کا اہتمام بھی کیا گیا، جس میں شرکاء نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور لاکھوں روپے کے عطیات جمع کرائے۔ اس اقدام کا مقصد نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور کھیلوں کی سرگرمیوں کے لیے مالی معاونت فراہم کرنا تھا۔ میزبان زاہد حمید نے اپنے خطاب میں کہا کہ ان کی اقبال میمن سے ملاقات 2021 میں ہوئی تھی۔ انہوں نے 2022 کے سیلاب کے دوران بھرپور خدمات انجام دیں اور متاثرہ افراد کی مدد کے لیے فعال کردار ادا کیا۔

پاک افریقا تجارتی و سرمایہ کاری تعلقات بڑھانے پر اتفاق، دیوان محمد یوسف فاروقی کا 90 روزہ عملی منصوبہ تجویز

اسلام آباد میں پاکستان ساؤتھ چیمبر کا سربراہی اجلاس، مشاہد حسین سید، رانا مشہود، رفیق میمن، جواد امین اور عمیر جسوال کی خاص شرکت

مجوزہ 90 روزہ منصوبے میں تجارتی اعداد و شمار کی تصدیق، ممکنہ خریداروں کی شناخت، درآمدی ڈیوٹی اور کاروباری معاہدوں کے لیے ابتدائی ملاقاتوں پر توجہ

دیوان محمد یوسف فاروقی نے دوطرفہ تجارت کے فروغ، مستند تجارتی معلومات کے تبادلے اور خریداروں و سپلائرز کے درمیان براہ راست روابط قائم کرنے پر زور دیا



اسلام آباد (بزنس رپورٹر) پاکستان ساؤتھ چیمبر ٹریڈ فیڈریشن (پی ایس سی ٹی ایف) کے سرپرستِ اعلیٰ دیوان محمد یوسف فاروقی نے کہا ہے کہ پاکستان اور افریقی ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مستحکم بنانے کے لیے مستند تجارتی معلومات، مؤثر کاروباری روابط اور باہمی مفاد پر مبنی شراکت داریوں کو فروغ دینا ضروری ہے۔ دونوں خطوں کے درمیان تجارت میں اضافے سے نہ صرف باہمی معاشی فوائد حاصل کیے جاسکتے ہیں بلکہ پاکستانی کاروباری اداروں کے لیے نئی منڈیوں اور سرمایہ کاری کے مواقع بھی پیدا ہوسکتے ہیں۔ اسلام آباد میں پاکستان ساؤتھ چیمبر کے سربراہی اجلاس کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے دیوان محمد یوسف فاروقی نے کہا کہ پاکستان اور افریقی ممالک کے درمیان موجود تجارتی امکانات کو عملی شکل دینے کے لیے منظم کوششوں کی ضرورت ہے۔ کاروباری حلقوں کو ایک دوسرے کی منڈیوں، ضروریات، تجارتی پالیسیوں اور سرمایہ کاری کے مواقع سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ افریقی منڈیوں سے کوئلہ، سونا، تانبا، قدرتی گیس، مائع قدرتی گیس (ایل این جی)، فاسفورک ایسڈ، قیمتی دھاتیں اور دیگر معدنی وسائل درآمد کرنے کے امکانات تلاش کیے جاسکتے ہیں، جبکہ پاکستانی کاروباری ادارے خوراک، ٹیکسٹائل، سیمنٹ مصنوعات اور دیگر اہم اشیا کی برآمدات میں اضافہ کرسکتے ہیں۔ اجلاس میں پاکستان اور افریقی ممالک کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے 90 روزہ عملی منصوبہ تجویز کیا گیا۔ اس منصوبے کا بنیادی مقصد دستیاب تجارتی امکانات کا مؤثر جائزہ لینا اور کاروباری مواقع کو عملی معاہدوں میں تبدیل کرنے کے لیے مرحلہ وار اقدامات کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں خطوں کے درمیان تجارتی اعداد و شمار کی تصدیق، ممکنہ خریداروں اور سپلائرز کی شناخت، مصنوعات کی تیاری اور دستیابی کا جائزہ، درآمدی ڈیوٹی اور مختلف منڈیوں میں کاروبار کے لیے درکار شرائط کا تجزیہ کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ منتخب افریقی ممالک اور مصنوعات کی بنیاد پر ابتدائی کاروباری ملاقاتوں کا اہتمام کرنے کی تجویز بھی پیش کی گئی، تاکہ ممکنہ شراکت داروں کے درمیان براہِ راست رابطے قائم ہوں اور تجارتی معاہدوں کی راہ ہموار ہوسکے۔ اجلاس میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ کاروباری اداروں کو مستند معلومات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ خریداروں اور سپلائرز کے درمیان براہِ راست رابطوں، تجارتی وفود کے تبادلوں اور کاروباری ملاقاتوں کے انعقاد کو فروغ دیا جائے۔ اس مقصد کے لیے وزارتِ تجارت کی سالانہ رپورٹ سے متعلقہ تجارتی اعداد و شمار اور شواہد حاصل کرکے منصوبہ بندی کو مؤثر بنانے کی تجویز دی گئی۔





